# Bank AL Habib Limited
# بینک الحبیب لمیٹڈ

## ACCOUNT OPENING اکاؤنٹ کھولنے کے

### RULES / TERMS AND CONDITIONS قوانین/ شرائط وضوابط

Account Number: اکاؤنٹ نمبر

Title of Account : اکاؤنٹ ٹائٹل

# Bank AL Habib Limited
# بینک الحبیب لمیٹڈ

## ACCOUNT OPENING اکاؤنٹ کھولنے کے

## RULES / TERMS AND CONDITIONS قوانین/ شرائط وضوابط

### General

1. Any person(s) opening or operating an account with Bank AL Habib Limited (Bank) will be deemed to have read, understood and accepted each of the Rules/Terms and Conditions of Account [set forth herein] and the applicable Schedule of Bank Charges as issued and amended from time to time by the Bank posted on the Bank's website and displayed on the notice boards of the bank's branches.
2. No account shall be opened by the Bank unless it is either properly introduced or a satisfactory bank reference is provided and is acceptable to the Bank.
3. The person(s) opening the account will also be required to provide proper identity documents as per regulatory requirement. On expiry of any identification document the Account Holder is required to renew the same and provide the Bank with copies of the same.
4. All accounts maintained with the Bank are governed by and subject to the policies of the Bank in force from time to time and all applicable circulars, orders, directives, rules, regulations, decrees and restrictions issued by the State Bank of Pakistan and other competent governmental and regulatory authorities in Pakistan.
5. The Account Holder should immediately advise the Bank as soon as he/she leaves the country for residence abroad. On receipt of such information the account will be re-designated as a non-resident account and all deposits and withdrawals will be subject to the State Bank of Pakistan rules and regulations applicable from time to time with regard to non-resident accounts.
6. In the absence of a contract to the contrary, the credit balance in any joint account, in the names of two or more persons will in the event of death of any one or more of the Account Holders, become payable to the survivor or survivors in terms of the mandate of the account without reference to the heirs of the deceased person or persons.
7. In case intimation of death of an individual Account Holder/receipt holder is received, operations in the account will be stopped any withdrawal/ payment will be effected to the legal heir(s), executor(s), administrator(s) or other such personal representative of the Account Holder, only on the production and in terms of a valid succession certificate/letters of probate/ administration issued by a competent court of law or its equivalent.
8. In case of any dispute between joint Account Holders or upon receiving conflicting instructions from any joint Account Holders, the Bank upon receiving any such intimation/conflicting instructions, shall be entitled to stop all transactions in the joint account(s) entirely at the risk and responsibility of the Account Holders.
9. The Bank may from time to time prescribe a minimum deposit/account balance in line with prevailing regulatory requirements which the Account Holder shall maintain in the account at all times.
10. A distinctive number will be allotted by the Bank to each account/receipt which shall be quoted in all correspondence relating to the account and at the time of making deposits or withdrawals. The Bank reserves the right not to act on instructions which do not quote the said number.
11. Any change in the address of the Account Holder should immediately be communicated to the Bank in writing. The Bank shall not be liable for any direct or indirect loss or damage caused as a result of the failure of the Account Holder to send intimation in writing of a change in address. No responsibility whatsoever, shall be accepted by the Bank for delay, non-delivery of Statements of Account, letters, advices etc.
12. The Account Holder shall be liable to pay commission, and all other applicable costs and charges as required and determined/amended by the Bank from time to time in the Schedule of Bank Charges. The Bank reserves the right without prior notice to the Account Holder to debit the account for any expenses, fees, commission, markup/interest, zakat, withholding tax, stamp duty, excise duty or any other costs, charges, expenses, taxes or duties arising out of any transactions or operations in the account or dealings with the Bank or payable to the provincial or federal government as may be levied from time to time in accordance with the prevailing rules/ regulations and laws and as agreed upon between the Bank and the customer, as evidenced by the customer's formal acceptance of the Banking Facility Letter.
13. The Bank reserves the right to amend and/or revise these rules/terms and conditions from time to time. Such amendments shall be notified to the Account Holder(s)/customer(s) thirty (30) days in advance of the amendments coming into effect. Such amendments/ revisions to these rules/terms and conditions of account shall be intimated to the Account Holder(s) by means of a written notice or by display in the premises of the Bank's branch maintaining the account. The amended rules shall be deemed to have been accepted by the Account Holder(s) upon such display of the written notice containing the amendments unless the Account Holder(s) objects thereto in writing. Any objections must be received by the Bank

### عمومی

۱۔ کوئی بھی شخص (اشخاص) جو بینک الحبیب لمیٹڈ (بینک) میں اکاؤنٹ کھولے اور استعمال کرے یہ تصور کیا جائے گا کہ بینک کی برانچوں کے نوٹس بورڈ پر چسپاں اور بینک کی ویب سائٹ پر اَپ لوڈ ہونے والے اکاؤنٹ سے متعلق قوانین/ شرائط وضوابط اور بینک کی طرف سے جاری کردہ اور وقتاً فوقتاً ترمیم شدہ قابلِ اطلاق بینک چارجز کے شیڈول کو باقاعدہ طور پر پڑھا ہے، سمجھا ہے اور قبول کیا ہے۔

۲۔ بینک اس وقت تک اکاؤنٹ نہیں کھولے گا جب تک کہ بینک کے اطمینان کے لئے باقاعدہ طور پر متعارف نہ کروایا گیا ہو یا بینک کے لئے قابل قبول حوالہ پیش کیا گیا ہو۔

۳۔ شخص (اشخاص) جو اکاؤنٹ کھولیں یہ ضروری ہوگا کہ وہ باضابطہ ضروریات کے مطابق اپنی شناخت کے دستاویزات باقاعدہ طور پر فراہم کریں۔ کسی بھی شناختی دستاویز کی تنسیخی کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر کو اس کی تجدید کروانا ہوگی اور بینک کو نئی تجدید شدہ دستاویز کی کاپی فراہم کرنا ہوگی۔

۴۔ بینک کے تمام اکاؤنٹس بینک کی پالیسیوں سے مشروط ہیں، جو کہ وقتاً فوقتاً مؤثر ہوتی ہیں اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور پاکستان میں موجود دیگر مجاز حکومتی اور ریگولیٹری اربابِ اختیار کی طرف سے جاری کردہ تمام قابلِ اطلاق مراسلے، حکم نامے، ہدایت نامے، قوانین، ضابطے، فرمان اور ممانعت کے تحت چلائے جاتے ہیں۔

۵۔ اکاؤنٹ ہولڈر کو چاہئے کہ وہ جب بھی ملک سے باہر سکونت اختیار کرے تو فوراً بینک کو اس بارے میں آگاہ کرے۔ ان معلومات کے موصول ہونے پر اکاؤنٹ کو نان۔ ریزیڈنٹ اکاؤنٹ کے طور پر نامزد کیا جائے گا اور تمام ڈپازٹس اور وِدڈرالز اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے قوانین اور ضابطوں سے مشروط ہونگے۔ یہ قوانین اور ضابطے، نان۔ ریزیڈنٹ اکاؤنٹس کے حوالے سے وقتاً فوقتاً قابلِ اطلاق ہوتے ہیں۔

۶۔ اگر کسی دو یا دو سے زائد اشخاص کا مشترکہ اکاؤنٹ ہو اور ان اشخاص میں سے کسی ایک یا ایک سے زائد کی موت واقع ہو جائے تو برعکس معاہدے کی عدم موجودگی کی صورت میں، اکاؤنٹ میں موجود کریڈٹ بیلنس اکاؤنٹ کے منشور کے مطابق، وفات پانے والے شخص یا اشخاص کے ورثاء سے رابطہ کیے بغیر، اُس مشترکہ اکاؤنٹ کے پسماندہ یا پسماندگان اکاؤنٹ ہولڈر (ہولڈرز) کو ادا کیا جائے گا۔

۷۔ کسی انفرادی اکاؤنٹ ہولڈر یا رسید ہولڈر کی وفات کی اطلاع موصول ہونے پر اس اکاؤنٹ کے آپریشنز روک دیئے جائیں گے۔ اکاؤنٹ ہولڈر کے قانونی ورثاء، مختار، ناظم یا اسی طرح کے ذاتی نمائندے کو رقم نکالنے/ ادائیگی کرنے کی صرف اُس وقت اجازت ہوگی جب کہ مجاز قانونی عدالت یا اس کے مساوی کی طرف سے جاری کردہ درست وراثتی سرٹیفکیٹ/ وصیت نامہ/ متوفی کی جائیداد کا انتظام کا لیٹر پیش کیا ہو۔

۸۔ مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈرز کے درمیان کسی بھی تنازعے کی صورت میں یا ان کی طرف سے موصول ہونے والی متضاد ہدایات کی صورت میں، بینک کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ اس مشترکہ اکاؤنٹ میں ہونے والی تمام ٹرانزیکشنز کو روک دے، جس کی پوری ذمہ داری صرف اور صرف اکاؤنٹ ہولڈرز پر ہوگی۔

۹۔ بینک مروجہ باضابطہ ضروریات کے مطابق وقتاً فوقتاً کم سے کم ڈپازٹ/ اکاؤنٹ بیلنس مقرر کرسکتا ہے جسے صارف کو ہر وقت اکاؤنٹ میں برقرار رکھنا ہوگا۔

۱۰۔ ہر اکاؤنٹ/ رسید کے لیے بینک کی طرف سے ایک قابل شناخت یا امتیازی نمبر مقرر کیا جاتا ہے جو کہ اکاؤنٹ میں رقم جمع کروانے اور نکالنے سے متعلق خط وکتابت میں لکھا جائے گا۔ بینک کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ ایسی ہدایات پر عمل نہیں کرے گا جن پر یہ نمبر نہ لکھا گیا ہو۔

۱۱۔ اکاؤنٹ ہولڈر کو اپنے پتے کی تبدیلی کی صورت میں بینک کو فوراً تحریری طور پر مطلع کرنا چاہیئے۔ بینک ذمہ دار نہیں ہوگا بلاواسطہ یا بالواسطہ نقصان یا ضرر کا جو کہ اکاؤنٹ ہولڈر کے تحریری طور پر پتہ کی تبدیلی کی اطلاع بینک کو بھیجنے میں ناکامی کے نتیجے میں ہو۔ اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹس، خطوط، اطلاعات، وغیرہ کی ترسیل میں تاخیر یا پہنچانے میں ناکامی کے لیے بینک کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرے گا۔

۱۲۔ اکاؤنٹ ہولڈر اس بات کا ذمہ دار ہوگا کہ وہ کمیشن کی ادائیگی کرے گا اور اس کے علاوہ بینک چارجز کے شیڈول میں درج اور وقتاً فوقتاً ترمیم شدہ قابل اطلاق لاگو اخراجات اور چارجز کی بھی ادائیگی کرے گا۔ بینک کو یہ حق ہے کہ وہ اکاؤنٹ ہولڈر کو پیشتر نوٹس دیئے بغیر اکاؤنٹ میں ہونے والے کسی بھی ٹرانزیکشنز یا آپریشنز یا بینک کے ساتھ کاروبار کے حوالے سے لاگو ہونے والے یا رائج قوانین اور ضابطوں کے مطابق وقتاً فوقتاً نافذ ہونے والے صوبائی یا وفاقی حکومت کو قابلِ ادا اخراجات، فیس، کمیشن، شرحِ منافع، زکوٰۃ، ٹیکس کٹوتی اسٹامپ ڈیوٹی، ایکسائز ڈیوٹی یا کوئی بھی دیگر لاگتوں، چارجز، اخراجات، ٹیکسز یا ڈیوٹیز کی ادائیگیوں کے لیے اکاؤنٹ سے رقم منہا کرلے، جو کہ بینک اور صارف کے درمیان قبول کیا گیا ہے اور یہ صارف کے باضابطہ فیسیلیٹی لیٹرز میں ظاہر ہوگا۔

۱۳۔ بینک اِن تمام قوانین/ شرائط وضوابط میں وقتاً فوقتاً ترمیم اور/ یا نظرثانی کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ اکاؤنٹ ہولڈر (ہولڈرز)/ صارف (صارفین) کو ان تمام ترامیم کے مؤثر ہونے سے 30 دن قبل آگاہ کردیا جائے گا۔ قوانین/ شرائط وضوابط میں ہونے والی اِن ترامیم/ نظرثانی کے بارے میں اکاؤنٹ ہولڈر کو بذریعہ تحریری نوٹس یا بینک کی برانچ جس میں اکاؤنٹ ہے میں نوٹس بورڈ پر لگا کر آگاہ کیا جائے گا۔ جب تک کہ اکاؤنٹ ہولڈر (ہولڈرز) اِن ترامیم شدہ قوانین پر تحریری طور پر کوئی اعتراض نہیں اُٹھاتا، یہ ترامیم شدہ قوانین اکاؤنٹ ہولڈر کی طرف سے قابلِ قبول سمجھے

within one (1) month from the date of notification of the amendments and if the Account Holder(s) and the Bank fail to resolve the issue within a reasonable time, either of them shall be at liberty to terminate the banking relationship. However the Bank shall be at liberty to amend the rules/terms and conditions to comply with amendments in regulatory requirements of the State Bank of Pakistan. Wherever possible, such amendment in rules/terms and conditions will be pre-advised to the account holder. However, there may be instances where changes in regulatory requirements are enforced at short notice. In such instances, the bank will notify customers accordingly either by means of a written notice or by display in the premises of the Bank's branch maintaining the account.

14. The Bank is authorized to make such disclosures in respect of the accounts as may be required by any court order or competent authority under the provisions of applicable laws and/or otherwise to safeguard the interests of the Bank.

15. In the event that the Account Holder is in breach of its obligations in respect of the Account, Internet Banking ID and ATM PIN as a result thereof, the Bank retains advocates/lawyers to enforce any of its rights or take other steps concerning the account, the Account Holder shall pay to the Bank all costs, charges, fees and expenses incidental thereto on a full indemnity basis and the Bank shall be entitled to debit the account for such costs, charges, fees and expenses.

16. The Bank shall issue periodical statements of accounts to the concerned Account Holder as per the option chosen by the customer in the AOF subject to any guidelines provided by SBP. Charges for statements of account will be levied in accordance with the Bank's published Schedule of Charges. The Account Holder will notify the Bank in writing of any error, irregularities of omissions that may be discovered, among other things, improper debits/credits with 45 days of the Bank issuing the statement. In case of failure to notify the Bank and upon expiry of such 45 days period, it will be finally and conclusively accepted between the Bank and the Account Holder(s) that the balance in the account and the transactions reflected in the account are true and correct, that the Account Holder releases the Bank, its officers, employees and agents from all claims in connection with the statement; and that the Bank may correct any erroneous posting of entries in the account and inform the Account Holder subsequently. If the erroneous posting of entries in an account impacts on the calculation of mark up payable by the customer (in case of a borrowing account) or profit payable to the customer, the bank will advise the customer accordingly.

17. **Accounts on which no transaction is done are marked "Dormant" after 1 year of inactivity. Dormancy Condition can only be removed if all Account Holder(s) visits the branch personally with identity documents, perform Biometric verification as per regulatory requirements and conducts a debit transaction (withdrawal) from the account on the same day. Account(s) which remain(s) inoperative for a period of ten years shall be classified as "Unclaimed" and thereafter shall be closed as per policy of the Bank. Balance(s) thereof shall be surrendered to SBP as per the provisions of Banking Companies Ordinance, 1962.**

18. If the account shows a zero balance for six months it will be closed. Furthermore, all instructions of the State Bank of Pakistan relating to Dormant Accounts shall apply.

19. The Account Holder availing of Internet or Electronic Banking, Mobile telephone Banking, SMS Alerts, eMail Statements, and ATM/Debit Cards (herein collectively referred to as "Services") assumes full responsibility for the confidentiality of his/her Personal Identification Number, Password and User Identification, and also for the security and safe-keeping of his/her computers, mobile telephones and ATM/Debit Cards. The Account Holder acknowledges and accepts that the "Services" carry risk of delays, errors, viruses, breakdowns, interruptions, interceptions, malfunctions, non-availability, late delivery, non-delivery, mis-delivery, unauthorized access, unauthorized use, loss of confidentiality etc. The Account Holder shall avail of the "Services" entirely at his/her risk and responsibility, and shall not hold the Bank responsible or liable for any loss or damage that may be incurred by the Account Holder on account of or relating to the "Services". The Account Holder agrees to be bound by the terms and conditions of the "Services", issued by the Bank from time to time. By opting for email statements, the Account Holder waives the requirement to send printed statements to the Account Holder.

20. The Account Holder shall indemnify and hold the Bank harmless at all times and from time to time from and against all losses, liabilities, damages, demands, actions, suits, proceedings, accounts, claims, costs, charges, fees and expenses that the Bank may incur, sustain or be put to including without limitation, legal fees and disbursements reasonably incurred by the Bank, arising from the Bank acting or not acting upon any instruction or information given to the Bank in accordance with these Rules. This indemnity will be in addition to any other indemnity or assurance against loss that the Account Holder may provide to the Bank.

21. If any clause of these Rules is found by a Court in Pakistan or any other competent governmental/regulatory authority to be void or unenforceable, that clause will be severed without affecting any other provisions of these Rules.



جائیں گے۔ اس سلسلے میں کوئی بھی اعتراض بینک کو ترامیم سے متعلق نوٹیفیکیشن کی تاریخ سے ایک ماہ کے اندر اندر دل جانا چاہیئے اور اگر اکاؤنٹ ہولڈر (ہولڈرز) اور بینک مناسب وقت میں یہ مسئلہ حل نہ کرسکیں گے تو دونوں کو اس بات کا حق حاصل ہوگا کہ وہ بینکنگ ریلیشن شپ کو منسوخ کردے۔ تاہم بینک کو اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے ضابطوں کی ضروریات میں ترامیم کی تکمیل کے لیے قوانین/شرائط وضوابط میں ترامیم کرنے کے لئے آزاد ہوگا۔ جہاں ممکن ہوگا، وہاں اکاؤنٹ ہولڈر کو قوانین/شرائط وضوابط میں ترامیم کے بارے پہلے سے بتادیا جائے گا۔ تاہم کچھ معاملات ایسے بھی ہوسکتے ہیں جب کم مدتی نوٹس پر ضابطوں کی پابندی کرنی ہوتی ہے۔ ایسے حالات کے مطابق بینک ان صورتوں میں اکاؤنٹ ہولڈر کو بذریعہ تحریری نوٹس یا بینک کی برانچ جس میں اکاؤنٹ ہے نوٹس لگا کر آگاہ کرے گا۔

۱۴۔ بینک کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ اکاؤنٹس کے حوالے سے تمام حقائق کو ظاہر کرے جو قابلِ اطلاق قوانین کی فراہمی اور/ یا بینک کے تحفظ کے حق کے تحت کسی بھی عدالتی حکم یا مجاز اختیار کے واسطے درکار ہوں۔

۱۵۔ اگر اکاؤنٹ ہولڈر، اکاؤنٹ، انٹرنیٹ بینکنگ آئی ڈی اور اے ٹی ایم پن کے حوالے سے کوئی بھی خلاف ورزی کرتا ہے تو اس سلسلے میں بینک نے وکلاء رکھے ہوئے ہیں جو بینک کو اس کا حق دلاسکیں یا اکاؤنٹ سے متعلق کوئی اقدام لے سکیں۔ اکاؤنٹ ہولڈر کو تلافی کی بنیاد پر بینک کو تمام لاگتوں، چارجز، فیس اور اخراجات کی ادائیگی کرنا ہوگی اور بینک کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ تمام لاگتوں، چارجز، فیس اور اخراجات کی وصولی کے لیے اکاؤنٹ ہولڈر کے اکاؤنٹ سے رقم منہا کرلے۔

۱۶۔ بینک متعلقہ اکاؤنٹ ہولڈر کو مقررہ وقفوں کی بنیاد پر اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ جاری کرے گا اور یہ اسٹیٹمنٹ، اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے فراہم کردہ رہنمائی اُصولوں سے مشروط اکاؤنٹ کھلوانے والے فارم میں صارف کے منتخب کردہ آپشن کے مطابق جاری کیا جائے گا۔ اسٹیٹمنٹ کے چارجز، بینک کی طرف سے شائع کردہ چارجز کے شیڈول کے مطابق نافذ ہونگے۔ اکاؤنٹ ہولڈر کسی بھی معاملے میں غلطی، بھول چوک، بے قاعدگی یا نامناسب ڈیبٹ/کریڈٹ کے بارے میں اطلاع اسٹیٹمنٹ جاری ہونے کے بعد 45 دنوں میں بینک کو لکھ کردے گا۔ بینک کو اطلاع نہ دینے میں ناکامی اور 45 دنوں کی میعاد ختم ہوجانے کی صورت میں، بینک اور اکاؤنٹ ہولڈر (ہولڈرز) کے درمیان یہ بات حتمی طور پر قبول تصور کی جائے گی کہ اکاؤنٹ میں موجود بیلنس اور ٹرانزیکشنز بالکل صحیح اور درست ہیں اور اکاؤنٹ ہولڈر بینک، اس کے آفیسرز، ملازمین اور ایجنٹس کو جو اس اسٹیٹمنٹ کے اجراء سے منسلک ہیں، ان کو تمام مطالبات سے بری رکھتا ہے۔ بینک، اکاؤنٹ میں ہونے والی غلطی کو صحیح کرسکتا ہے اور بعد میں اکاؤنٹ ہولڈر کو مطلع کرے۔ اگر اکاؤنٹ کے اندراج میں غلطی، صارف کے لیے قابلِ ادا شرح منافع (بوروونگ اکاؤنٹ کی صورت میں) یا صارف کو قابلِ ادا منافع کے حساب پر اثر انداز ہورہی ہے تو بینک صارف کو اس کے مطابق اطلاع دے گا۔

۱۷۔ **اکاؤنٹس جن میں کوئی ٹرانزیکشن نہ کی گئی ہو، ایک سال بعد سرگرمی نہ ہونے پر غیر فعال کردیا جاتا ہے، غیر فعالی صورت صرف اسی وقت ہٹ سکتی ہے جبکہ تمام اکاؤنٹ ہولڈرز ذاتی طور پر برانچ وزٹ کریں ضابطوں کی ضروریات کے مطابق شناختی دستاویزات کے ہمراہ بائیومیٹرک تصدیق کے لئے اور اسی دن اسی اکاؤنٹ سے ڈیبٹ ٹرانزیکشن کریں (رقم نکلوائیں)۔ اکاؤنٹس جو کہ دس سال تک غیر فعال رہیں وہ لادعویٰ (انکلیمڈ) قرار دے دیے جائیں گے اور اس کے بعد بینک پالیسی کے تحت بند کردیے جائیں گے اور ان میں موجود رقوم کو اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے حوالے کردیا جائے گا بینکنگ کمپنیز آرڈیننس ۱۹۶۲ء کی شقوں کے مطابق۔**

۱۸۔ اگر اکاؤنٹ میں چھ مہینے تک بیلنس صفر رہتا ہے تو یہ بند کردیا جائے گا۔ مزید یہ کہ غیر فعال اکاؤنٹس کے لئے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی تمام ہدایات کا اطلاق ہوگا۔

۱۹۔ وہ اکاؤنٹ ہولڈر جو انٹرنیٹ یا الیکٹرونک بینکنگ، موبائل ٹیلیفون بینکنگ، ایس ایم ایس الرٹس، ای میل اسٹیٹمنٹس اور اے ٹی ایم/ ڈیبٹ کارڈز (جن کو مجموعی طور پر یہاں "سروسز" کہا گیا ہے) کی سہولت حاصل کرتا ہے، اُس کی یہ ذمہ داری لیتا ہے اپنے ذاتی شناختی نمبر، پاس ورڈ اور یوزر کی شناخت کو خفیہ رکھنے اور بشمول اپنے کمپیوٹرز، موبائل، ٹیلیفونز اور اے ٹی ایم/ ڈیبٹ کارڈز کو حفاظت سے رکھنے کی۔ اکاؤنٹ ہولڈر یہ بات تسلیم اور قبول کرتا ہے کہ ان "سروسز" میں تاخیر، غلطی، وائرس، خلل، رکاوٹ، ناقصِ عمل، عدم دستیابی، ڈلیوری میں تاخیر، ڈلیوری کا نہ ہونا، غیر مجاز رسائی، غیر مجاز سپردگی اور خفیہ معلومات کے پتہ چل جانے کا خطرہ ہوتا ہے۔ اکاؤنٹ ہولڈر یہ تمام "سروسز" اپنی ذمہ داری پر استعمال کرے گا۔ بعد میں ان "سروسز" کے باعث ہونے والے کسی بھی نقصان کے لیے بینک ذمہ دار نہیں ہوگا۔ اکاؤنٹ ہولڈران "سروسز" کے حوالے سے بینک کی جانب سے وقتاً فوقتاً جاری کردہ شرائط و ضوابط پر پابند رہے گا۔ اگر اکاؤنٹ ہولڈر ای میل اسٹیٹمنٹ کی دستیابی کو ترجیح دیتا ہے تو اُسے پرنٹڈ اسٹیٹمنٹس کی مانگ کو چھوڑتا ہے۔

۲۰۔ اکاؤنٹ ہولڈر تلافی کرے گا اور بینک کو ہر وقت اور وقتاً فوقتاً تمام نقصانات، قرضوں، ڈیمانڈز، ایکشنز، پروسیڈنگز، دعووں، لاگتوں، چارجز، فیس اور اخراجات جو بینک برداشت کرے، اکاؤنٹ ہولڈر کی ہدایات پر عمل کرنے یا نہ کرنے پر بغیر کسی حد کے اس سے بینک کو بے ضرر رکھنا ہوگا۔ یہ تلافی اضافی ہوگی جو کہ کسی بھی نقصان سے بچانے کی یقین دہانی کے لئے دی جائے۔

۲۱۔ اگر ان قوانین کی کوئی بھی شق پاکستان کی کسی بھی عدالت یا دیگر مجاز حکومتی/ باضابطہ اختیار کی جانب سے کالعدم یا ناقابلِ نفاذ قرار دے دی جائے تو اُس شق کو ان قوانین پر اثر انداز ہوئے بنا الگ کردیا جائے گا۔

## RULES / TERMS AND CONDITIONS

22. The Bank may at any time(s) in its discretion and without notice assert a lien and/or exercise a right of set off on any balance outstanding to the credit of the account and apply any part thereof to reduce any indebtedness of whatsoever nature that may be owing to the Bank in name of Account Holder(s).

23. No interest/ return/profit is paid on current accounts.

24. All sums for credit to an account should be accompanied by a deposit slip showing the name and number of the account to be credited. Acknowledgment of receipt of cash and instruments will be valid if printed by the Bank's System or signed and stamped by the Bank's Officer. The depositor should satisfy himself that the transaction is so verified on the customer's copy of the deposit slip. All cheques and other instruments should be crossed before they are paid in for credit to an account.

25. The Bank reserves the right to close, within 7-days of receipt by the depositor, of the Bank's written notice of account closure, any account which in its opinion is not being satisfactorily conducted / operated upon, or for any other reason whatsoever, which the Bank shall not be obliged to disclose.

26. The Account Holder will either have in place or will immediately put in place, systems, procedures and controls effective to prevent and/ or detect thefts of, and forgeries and frauds involving instruments. The Account Holder will immediately report to the Bank any loss or theft of instruments or any other circumstances from which one may reasonably infer that a fraud may be perpetrated.

27. The customer undertakes to keep any cheque books and other monetary instruments issued by the Bank safely and securely at all times. The customer shall exercise due care and prudence in order to ensure that all cheques, cheque books and monetary instruments issued by the Bank are not stolen, misappropriated or used for any unauthorized purpose. The Bank shall not be liable for any loss or liability that may occur in connection with the customer's failure to exercise proper care. In the event that cheques are stolen from or lost by any customer or forged, the customer shall immediately notify the Bank and issue stop-payment instructions to the Bank. Loss of cheque books should be immediately notified to the Bank by the customer. If the customer reports loss/ theft of a cheque book, before it has been paid, he/ she shall not be held liable for any loss or damage resulting from the payment of the relevant cheque and the Bank shall take reasonable precautions to safeguard the customer's interest. Failure to notify the Bank will automatically discharge the Bank from all responsibilities.

28. The Bank will use reasonable efforts to monitor its telephone and fax facilities to determine if it has received any instructions or information from the Account Holder, provided that the Bank is authorised by the Account Holder to act upon telephone and fax instructions received from the Account Holder. The Bank's ability to act upon telephone and fax instructions depends upon the normal functioning of the various communication facilities used by the Bank. The Bank is not responsible for any delay or failure to receive telephone or fax instructions or information.

29. The Bank shall not be liable in any manner whatsoever, for any direct or indirect damages, losses, costs, expenses, fees or penalties incurred or sustained by the depositor or the Account Holder, due to any delays or errors which may be caused by circumstances beyond the control of the Bank. The respective rights and obligations of the Bank, the Account Holders and the depositor in respect of the deposit, shall be subject to the laws of the Islamic Republic of Pakistan including the directives of the State Bank of Pakistan.

30. The Bank does not act as a trustee at any time.

31. The Bank reserves the right to issue cheque books and/or fresh cheque forms only to persons properly introduced or known to the Bank who continue to conduct their accounts satisfactorily and maintain required minimum balances in line with prevailing regulatory requirements, in their accounts at all times.

32. An Account Holder can only withdraw sums from his account by means of cheques issued to him by the Bank for that particular account and ATM/Visa Debit Cards issued by the Bank or Internet Banking. Deposits are payable only at the branch of the Bank, where such deposits are made. Online withdrawals are allowed as per rules, but may be withdrawn at any time without notice. The account, however, will be debited for any levies paid to the Government of Pakistan.

33. Cheques should be signed as per the specimen signature supplied to the Bank and any alterations in the cheque must be authenticated by the drawer's full signature or drawer's thumb impression in case of illiterate person.

34. Post dated and stale cheques shall not be paid and or accepted for collection.

## قوانین/ شرائط وضوابط

۲۲۔ بینک کسی بھی وقت اپنی صوابدید میں اور بنا کسی قانونی نوٹس کے اپنا حق تصرف کسی بھی اکاؤنٹ میں بیلنس جو کہ اُسے واجب الادا ہو استعمال کرسکتا ہے اور اکاؤنٹ ہولڈر (ہولڈرز) کے نام قرضہ جات کو کم کرسکتا ہے۔

۲۳۔ کرنٹ اکاؤنٹس پر کوئی منافع نہیں دیا جاتا ہے۔

۲۴۔ اکاؤنٹ میں جمع ہونے والی رقوم کے لیے ڈپازٹ سلپ کا ہونا ضروری ہے جس پر اکاؤنٹ ہولڈر کا نام اور اکاؤنٹ نمبر درج ہو۔ نقد اور انسٹرومنٹ کی رسید کو اس وقت ہی درست سمجھا جائے گا جب یہ رسید بینک کے سسٹم سے پرنٹ کی گئی ہو یا بینک کے آفیسر سے دستخط شدہ اور مہر شدہ ہو۔ صارف کو چاہئے کہ وہ ڈپازٹ سلپ کی کسٹمر کاپی سے ٹرانزیکشن درست ہونے کی خود تصدیق کرے۔ تمام چیکس اور دیگر انسٹرومنٹس کو اکاؤنٹ میں جمع کروانے سے قبل کراس کرلی جائیں۔

۲۵۔ بینک کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اکاؤنٹ بند کرنے کا تحریری نوٹس دینے کے بعد اور اس نوٹس کے ڈپازٹر کو ملنے کے 7 دن کے اندر اکاؤنٹ بند کردے۔ جس کی آپریٹنگ تسلی بخش نہیں ہو یا کوئی اور وجہ ہو اور بینک وجہ بتانے کا پابند نہیں ہوگا۔

۲۶۔ اکاؤنٹ ہولڈر، سسٹم، طریقہ کار کو کنٹرول میں رکھے گا تا کہ دستاویزات میں ہونے والی جعل سازی، دھوکہ دہی اور چوری سے محفوظ رہے۔ اکاؤنٹ ہولڈر بینک کو کسی نقصان یا دستاویزات کی چوری یا دیگر حالات جس سے دھوکہ دہی کا ارتکاب ہو سکے بینک کو فوراً مطلع کرے گا۔

۲۷۔ صارف یہ ذمہ داری لیتا ہے کہ وہ بینک کی طرف سے جاری کردہ چیک بکس اور دیگر مالیاتی انسٹرومنٹس کو ہمیشہ حفاظت سے رکھے گا۔ صارف کو چاہئے کہ وہ بینک کی طرف سے جاری کردہ تمام چیکس، چیک بکس اور مالیاتی انسٹرومنٹس کو چوری، غبن یا غیر مجاز مقصد میں استعمال ہونے سے بچائے اور محتاط رہے۔ اگر صارف تمام چیزوں کی مناسب دیکھ بھال نہیں کرے گا تو کسی بھی نقصان کی صورت میں بینک ذمہ دار نہیں ہوگا۔ چیکس کے چوری ہوجانے کی صورت میں صارف کو فوراً بینک کو مطلع کرنا ہوگا اور بینک کو ادائیگیاں روکنے کی ہدایات دینا ہونگی۔ چیک بکس کے کھوجانے کی صورت میں صارف کو فوراً بینک کو مطلع کرنا ہوگا۔ اگر صارف چوری شدہ چیک بک کی اطلاع بینک کو ادائیگی سے قبل دے دیتا ہے اور پھر بھی اس چوری شدہ چیک کی ادائیگی ہوجاتی ہے تو ایسی صورتِ حال میں کسی بھی نقصان کے لیے صارف ذمہ دار نہیں ہوگا اور بینک مناسب احتیاطی اقدامات صارف کے مفاد کو مدِ نظر رکھتے ہوئے اختیار کرے گا۔ اگر صارف اس کے بارے میں بینک کو اطلاع نہیں دے پاتا ہے تو بینک کسی بھی قسم کے نقصان کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

۲۸۔ بینک اپنے ٹیلی فون اور فیکس کی سہولیات کی نگرانی کی ممکنہ کوششیں اس طرح کرے گا کہ معلوم کیا جاسکے کہ آیا اکاؤنٹ ہولڈر کی طرف سے ہدایات یا معلومات موصول ہوئی ہیں، بشرطیکہ اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب بینک کو اختیار دیا گیا ہے کہ وہ ٹیلی فون اور فیکس پر اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے موصول ہونے والی ہدایات پر عمل کرے۔ بینک کا ٹیلی فون اور فیکس کی ہدایات پر عمل کرنے کا انحصار بینک میں استعمال ہونے والی مواصلات کی مختلف سہولیات کے صحیح کام کرنے پر ہے۔ بینک ٹیلی فون یا فیکس پر موصول ہونے والی ہدایات یا معلومات میں کسی تاخیر یا ناکامی کے لئے ذمہ دار نہیں ہے۔

۲۹۔ بینک کسی بھی بالواسطہ یا بلاواسطہ ایسے نقصان، لاگتوں، اخراجات، فیس یا جرمانے کے لیے ذمہ دار نہیں ہوگا جو کسی بھی تاخیر یا غلطی کے باعث ڈپازٹر یا اکاؤنٹ ہولڈر پر عائد ہوں اور جو بینک کے کنٹرول سے باہر ہوں۔ تمام حقوق اور ذمہ داریاں جو کہ بینک، اکاؤنٹ ہولڈر (ہولڈرز) اور ڈپازٹر پر ڈپازٹ کے حوالے سے عائد ہوتی ہیں، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے قوانین بشمول اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے ہدایت نامے سے مشروط ہیں۔

۳۰۔ بینک کسی بھی وقت بحیثیت ٹرسٹی کردار ادا نہیں کرتا ہے۔

۳۱۔ بینک یہ حق محفوظ رکھتا ہے کہ صرف ان لوگوں کو چیک بک اور/ یا نیا چیک فارم جاری کرے جو باقاعدہ متعارف کروائے گئے ہوں یا بینک اُن سے واقف ہو، جو اپنے اکاؤنٹس تسلی بخش طریقے سے چلا رہے ہوں اور تمام اوقات اپنے اکاؤنٹس میں مروجہ باضابطہ ضروریات کے مطابق مقررہ کم از کم بیلنس رکھتے ہوں۔

۳۲۔ اکاؤنٹ ہولڈر اپنے اکاؤنٹ سے رقم صرف بینک کی جانب سے اس مخصوص اکاؤنٹ کے لئے جاری ہونے والے چیک کے ذریعے اور بینک کی جانب سے اجراء شدہ اے ٹی ایم/ ویزا ڈیبٹ کارڈ یا انٹرنیٹ بینکنگ کے ذریعے نکلوا سکتا ہے۔ رقم صرف بینک کی اسی برانچ سے ادا کی جائے گی جہاں یہ رقم جمع کروائی گئی ہو۔ رقم قواعد وضوابط کے مطابق آن لائن نکلوانے کی اجازت ہے تاہم یہ کسی بھی وقت بغیر اطلاع کے واپس لی جاسکتی ہے۔ اکاؤنٹ سے حکومتِ پاکستان کو ادا شدہ ٹیکس کی کٹوتی کی جائے گی۔

۳۳۔ چیکس بینک کو فراہم کردہ دستخط کے نمونے کے مطابق دستخط شدہ ہوں گے اور چیک میں کسی تبدیلی کرنے کی صورت میں رقم نکلوانے والے کے پورے دستخط یا ناخواندہ شخص ہونے کی صورت میں رقم نکلوانے والے کے انگوٹھے کے نشان سے تصدیق کرنی ہوگی۔

۳۴۔ پوسٹ ڈیٹیڈ چیک یا زائد المیعاد چیکس کی ادائیگی نہیں کی جائے گی اور نہ ہی کلیکشن کے لئے قبول کئے جائیں گے۔

35. The Bank may only accept for collection cheques and other instruments payable to the Account Holder himself at his risk. All cheques and other instruments should be crossed before they are paid in for credit to an account. Un-cleared items though credited in the account shall not be drawn against until proceeds realized. Also, if the customer is allowed to draw against uncleared effects which are subsequently not realized, the Bank shall have the right to debit the customer's account in recovery thereof. If such action results in a debit balance in the customer's account, the customer will be required to deposit funds to regularize the position within 3 working days. Although the bank shall not be responsible for any delay or loss in collection of cheques, however, it will, in good faith, assist the account holder in following up with the concerned institution for early resolution.

36. An Account Holder wishing to close an account must return any unused cheques and ATM/Visa Debit cards to the Bank for cancellation after withdrawal of the balance in the account.

37. An account may be transferred free of charge from one branch to another branch of the Bank on the customer's request, without affecting the profit/loss accruing position of the account as the concerned accumulated products on credit balances in such PLS accounts for the unaccounted period would also be transferred to the recipient branch along-with the credit balance on the date of transfer.

38. All accounts will be governed by the Laws and Regulations of the Islamic Republic of Pakistan. As regards other matters, not specifically mentioned in these Rules, these will be subject to prevailing Rules of the Bank.

39. The Bank's Interpretation of rules/terms and conditions will be considered final and binding, however, in case of any dispute, the matter may be referred to SBP by the customer and the decision of SBP will be final and binding on both parties.

### General Rules for PLS Accounts

40. The Bank shall determine from time to time the rate of return/profit payable on the account/deposit in accordance with the prevailing rules and regulations of the State Bank of Pakistan and the policies of the Bank which are subject to change and the Account Holder agrees to accept such rate of return/profit.

41. The Bank would be within its rights to make investment of the credit balances/deposits in such accounts held by it in any manner at its sole discretion and to make use of the funds to the best of its judgment in the banking business under the PLS system.

42. The profit/loss earned/incurred on such accounts will be credited/debited as determined by the Bank at its sole discretion on the basis of its net working results at the end of each half-year within a reasonable time from the date of the close of half-yearly/yearly books of accounts of the Bank under intimation to the Account Holders. In case no profit is declared by the Bank then none shall be payable to the Account Holder. In the event of the Bank declaring a loss, the Account Holder shall share in the loss pro rata.

43. The Account Holder will reimburse the Bank with any claims in respect of losses/charges on the basis of half yearly/ yearly closing of the Bank's books of accounts as applicable to such accounts. The Bank would be within its rights to debit the account for the amount(s) of such claim/charges in settlement of the business accounts of the Bank.

44. The method of calculating return/profit on Profit & Loss Saving Accounts will be based on average monthly balances calculated on daily balances existing between the close of business on the first and last day of the month.

45. Return/profit on PLS Savings Accounts closed before June and December will be paid for the relevant period, at the indicative rates. All return/profit shall be of a provisional nature until finalized by the Bank.

### Specific Rules for Treasurers Call Accounts

46. The PLS Treasurers Call Accounts are opened for individuals (single or joint), charitable institutions, provident and other funds of benevolent nature of local bodies, autonomous corporations, companies, associations, educational institutions, firms etc. (except commercial banks, airlines, shipping companies, investment banks, leasing companies, modaraba companies) and in all other cases where the accounts are to be opened under the order of a competent Court of Law.

47. The account may be opened with a minimum deposit of an amount that may be prescribed by the Bank from time to time. There is no limit on maximum amount that can be deposited in the account. However for withdrawals at least 24 hours notice should be given.

48. Profit at prescribed tiered rates shall be paid. Such profit shall be calculated on the basis of aggregate products of daily closing balance in the account and credited to the customer's account on the first working day of the following month.



۳۵۔ بینک صرف کلیکشن چیکس اور دیگر دستاویزات قبول کرے گا جو خود کہ اکاؤنٹ ہولڈر کو قابلِ ادا ہوں گے اُسکی اپنی ذمہ داری پر۔ تمام چیکس اور دیگر دستاویزات کو اکاؤنٹ میں کریڈٹ کرنے سے پہلے کراس کیا جائے گا۔ کلیئر نہ ہونے والے آئٹمز اگرچہ اکاؤنٹ میں کریڈٹ کر دیئے گئے ہوں لیکن اس وقت تک رقم نہیں نکالی جائے گی جب تک کہ ان کی ادائیگی نہ ہو جائے اور اگر صارف کو ایسے کلیئر نہ ہونے والے آئٹمز کے لیے رقم نکلوانے کی اجازت ہو جن کی ادائیگی نہ کی گئی ہو تو بینک کو یہ حق حاصل ہوگا کہ ان کی عدم ادائیگی پر وہ صارف کے اکاؤنٹ سے ادائیگی کی رقم منہا کر لے۔ اگر ایسا کرنے سے صارف کے اکاؤنٹ میں رقم کم ہو جاتی ہے تو صارف کو تین کاروباری دنوں میں رقم جمع کروا کر اکاؤنٹ کو منظم کرنا ہوگا۔ اگرچہ بینک چیکس کی وصولی میں تاخیر یا گمشدگی کے لیے ذمہ دار نہیں ہوگا، پھر بھی، دیانت داری کے پیش نظر متعلقہ اداروں سے گفت وشنید جلد حل کرنے میں اکاؤنٹ ہولڈر کی مدد کی جائے گی۔

۳۶۔ اکاؤنٹ بند کرنے کے خواہش مند اکاؤنٹ ہولڈر، اکاؤنٹ سے بیلنس رقم نکلوانے کے بعد غیر استعمال شدہ چیکس اور اے ٹی ایم/ ویزا ڈیبٹ کارڈز کو منسوخی کے لئے بینک کو واپس کرنا ہوگا۔

۳۷۔ صارف کی درخواست پر بینک کی ایک برانچ سے دوسری برانچ میں اکاؤنٹ کو حاصل ہونے والے نفع/ نقصان کی حیثیت پر اثر انداز ہوئے بغیر مفت ٹرانسفر کیا جا سکتا ہے۔ جیسا کہ غیر شمار شدہ مدت کے لئے ایسے پی ایل ایس اکاؤنٹ میں کریڈٹ بیلنس پر متعلقہ جمع شدہ پروڈکٹس وصول کرنے والی برانچ میں کریڈٹ بیلنس کے ساتھ ٹرانسفر کی تاریخ پر منتقل ہو جائے گا۔

۳۸۔ تمام اکاؤنٹس اسلامی جمہوریہ پاکستان کے قوانین اور ضابطوں کے مطابق ہونگے۔ دیگر معاملات سے متعلق قوانین جو ان قوانین میں بیان نہیں کیے گئے ہیں، وہ بینک کے مروجہ قوانین سے مشروط ہونگے۔

۳۹۔ بینک کے قوانین شرائط وضوابط کی تشریح حتمی تصور کی جائے گی اور پابندی لازمی ہوگی مگر کسی تنازعہ کی صورت میں کسٹمر کی جانب سے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کو رجوع کیا جا سکتا ہے اور ایس بی پی کا فیصلہ حتمی ہوگا اور دونوں فریق اس کے پابند ہونگے۔

### پی ایل ایس اکاؤنٹس کے لئے عام قوانین:

۴۰۔ بینک، اکاؤنٹ/ ڈپازٹ پر قابلِ ادا شرح منافع کو اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور بینک کی پالیسیوں (جو کہ ترامیم سے مشروط ہیں) کے مطابق وقتاً فوقتاً متعین کرتا رہتا ہے اور اکاؤنٹ ہولڈر یہ شرح منافع قبول کرتا ہے۔

۴۱۔ بینک حق بجانب ہوگا کہ وہ پی ایل ایس سسٹم کے تحت ان اکاؤنٹس میں جمع شدہ رقوم کو اپنی صوابدید پر سرمایہ کاری میں لگائے اور ان رقوم کو بینکنگ کے کاروبار میں اپنے بہترین اندازے کے مطابق استعمال کرے۔

۴۲۔ ان اکاؤنٹس پر ہونے والے نفع نقصان کو بینک کی صوابدید سے ہر ششماہی کے بعد نیٹ ورکنگ کے نتائج کی بنیاد پر اکاؤنٹ میں جمع یا اکاؤنٹ سے منہا کیا جائے گا۔ یہ تمام حساب کتاب، اکاؤنٹس کی ششماہی بکس کی بندش کی تاریخ سے لے کر ایک مناسب عرصے کے دوران رکھتے ہوئے اور ان تمام معاملات سے اکاؤنٹ ہولڈر کو مطلع رکھتے ہوئے بینک کی جانب سے منافع کا اعلان نہ ہونے کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر کو کوئی منافع نہیں دیا جائے گا۔ بینک کو نقصان ہونے کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر نقصان میں حسب تناسب شریک ہوگا۔

۴۳۔ اکاؤنٹ ہولڈر مطالبہ پر نقصانات/ چارجز کی جو کہ بینک بکس کے ششماہی/ سالانہ اختتام کی بنیاد پر ان اکاؤنٹس پر قابل اطلاق ہوں ادائیگی کرے گا بینک ان مطالبہ/ چارجز کی رقوم کو جو بینک کے کاروباری اکاؤنٹس کے تصفیہ کے متعلق ہوئے ہوں صارف کے اکاؤنٹ سے منہا کرنا اُسکے اپنے اختیار میں ہوگا۔

۴۴۔ پی ایل ایس اکاؤنٹس کے منافع کا حساب مہینے کے پہلے دن اور آخری دن کے درمیان موجود روزانہ کے بیلنس کے ماہانہ اوسط کے حساب کتاب پر منحصر ہوگا۔

۴۵۔ جون اور دسمبر سے قبل بند ہونے والے پی ایل ایس سیونگز اکاؤنٹس کا منافع متعلقہ عرصے کے لیے نشاندہی کی گئی شرح پر ادا کیا جائے گا۔ یہ منافع جات بینک کی طرف سے حتمی ہونے تک عبوری ہونگے۔

### ٹریژررز کال اکاؤنٹس کے لئے مخصوص قوانین:

۴۶۔ پی ایل ایس ٹریژررز کال اکاؤنٹ افراد کی جانب سے (تنہا یا مشترکہ) خیراتی اداروں، فلاح و بہبود کی نوعیت، پراویڈنٹ فنڈز اور دوسرے فنڈز جو کہ مقامی اداروں، خودمختار کارپوریشنز، کمپنیوں، تعلیمی اداروں، فرموں وغیرہ کے ہوں کھولے جا سکتے ہیں (ماسوائے کمرشل بینکو، ائیر لائنز، شپنگ کمپنیوں، انویسٹمنٹ بینکو، لیزنگ کمپنیوں۔ مضاربہ کمپنیوں) اور دیگر تمام صورتوں میں جہاں اکاؤنٹس کھولنے کے لئے بااختیار عدالت انصاف کو حکم ہو۔

۴۷۔ اکاؤنٹ ڈپازٹ کی کم از کم رقم سے کھولا جا سکتا ہے جسکی رقم وقتاً فوقتاً بینک کی جانب سے مقرر کی جا سکتی ہے۔ یہاں زیادہ سے زیادہ رقم کے لئے کوئی حد نہیں ہے جو اکاؤنٹ میں جمع کرائے جا سکتے ہیں۔ مگر نکلوانے کے لئے کم از کم 24 گھنٹوں کا نوٹس دینا ہوگا۔

۴۸۔ نفع مقررہ بتدریج شرحوں کی قطار کے مطابق ادا کیا جائے گا۔ ایسے نفع کا حساب اکاؤنٹ میں یومیہ کلوزنگ بیلنس کے مجموعی پروڈکٹس کی بنیاد پر لگایا جائے گا اور کسٹمر کے اکاؤنٹ کو اگلے مہینہ کی پہلی تاریخ پر کریڈٹ کیا جائے گا۔

### Specific Rules for Monthly Saver's Accounts

49. The profit will be paid on the first working day of the following month. The method of calculating return/profit on Saving Account under Monthly Saver's will be based on average monthly balances for each calendar month calculated on daily balances existing between the close of business on the 1st and last day of the month.

### Specific Rules for AL Habib Senior Citizens' PLS Savings Accounts

50. AL Habib Senior Citizens' PLS Savings Accounts may be opened in Pak Rupees by individuals (single or joint), in which the primary Account Holder must have attained the age of 60 years as evidenced by the Original CNIC(s) presented and subsequent verification of details from NADRA. Joint Accounts may be opened up-to the limit of 4 Account Holders.

51. Profit on AL Habib Senior Citizens' PLS Savings Account will be based on average monthly balances for each calendar month calculated on daily balances existing between the close of business on the 1st and last day of the month and paid at the indicative rates so declared and published by the Bank for the relevant period.

52. AL Habib Senior Citizens' PLS Savings Accounts may be held in Pak Rupees only.

53. Profit on AL Habib Senior Citizens' PLS Savings Accounts will be paid on the first working day of each following month.



### ماہانہ سیور اکاؤنٹ کے لئے مخصوص قوانین

۴۹۔ نفع آئندہ مہینے کی پہلی تاریخ کو ادا کیا جائے گا۔ ماہانہ سیور کے تحت سیونگ اکاؤنٹ پر ریٹرن/ نفع کے حساب کے طریقہ کار کا انحصار ہر ماہ کے لئے اوسطاً ماہانہ بیلنسز پر ہوگا جس کا حساب مہینے کے پہلے دن اور آخری دن پر بزنس کے بند ہونے پر موجود یومیہ بیلینسز (Balances) پر کیا جائے گا۔

### الحبیب سینئر سٹیزنز پی ایل ایس سیونگ اکاؤنٹس کے لئے مخصوص قوانین

۵۰۔ الحبیب سینئر سٹیزنز پی ایل ایس سیونگ اکاؤنٹس افراد کے (تنہا یا مشترکہ) پاکستانی روپوں میں کھولے جاسکتے ہیں۔ جس میں پرائمری اکاؤنٹ ہولڈر 60 سال کی عمر کو پہنچ چکا ہو اور ثبوت کے طور پر اصل سی این آئی سی پیش کی جائے گی اور نادرا سے تفصیلات کی تصدیق کے بعد مشترکہ اکاؤنٹ 4 اکاؤنٹ ہولڈرز کی حد تک کھولا جاسکتا ہے۔

۵۱۔ الحبیب سینئر سٹیزنز پی ایل ایس سیونگ اکاؤنٹس پر نفع کیلینڈر مہینے کے پہلے دن اور آخری دن پر بزنس کے بند ہونے پر موجود یومیہ بیلنس پر کیا جائے گا اور بتائے گئے شرحوں سے ادا کیا جائے گا اور بینک کی جانب سے متعلقہ عرصہ کے لئے اعلان اور شائع کیا گیا ہو۔

۵۲۔ الحبیب سینئر سٹیزنز پی ایل ایس سیونگ اکاؤنٹس صرف پاکستانی روپوں میں رکھا جاسکتا ہے۔

۵۳۔ الحبیب سینئر سٹیزنز پی ایل ایس سیونگ اکاؤنٹس پر نفع ہر آنے والے مہینے کے پہلے کام کے دن پر ادا کیا جائے گا۔

# Foreign Currency Accounts

### General Rules for Foreign Currency Accounts

54. A foreign currency account/deposit is held by the Bank subject to the policies of the Bank and subject to the directives of the State Bank of Pakistan as contained in chapter VI of the Foreign Exchange Manual and all directives and circulars issued by the State Bank of Pakistan from time to time. The account relationship and all deposits are governed by and subject to the laws of Pakistan as may be effective from time to time during the relative period. Such amounts/deposits shall be payable only at the branch in Pakistan where the account is opened or the deposit is made.

55. The Bank shall not be liable to the Account Holder(s) in the event of failure or the inability of the State Bank of Pakistan to release the requisite foreign currency for any reason whatsoever or an act of war, insurrection or civil strife or action by the government or any instrumentality of or in Pakistan preventing such payment (whether dejure or defacto) to be made to the Account Holder(s) in the requisite foreign currency.

56. A foreign currency account/deposit held with the Bank is subject to the exchange control regulations of the State Bank of Pakistan as contained in the Foreign Exchange Manual and all directives and circulars issued by the State Bank of Pakistan from time to time commencing from and including F.E. Circular No. 25 dated June 20, 1998 and F.E. Circular No. 13 dated June 2, 1999, as amended from time to time. The account relationship and all deposits shall be governed by and be subject to the laws of Pakistan as may be effective from time to time during the relevant period, policy decisions of the Government of Pakistan announced from time to time during the relevant period, directives, orders and circulars issued by the State Bank of Pakistan from time to time during the relevant period.

57. The Accountable Branch in Pakistan shall be the sole branch of account for repayment of the credit balance in an account and any profit/return accruing thereon. Accordingly, no branch or office (including Head Office of the Bank) or any other Bank or affiliate or entity outside Pakistan where foreign currency is placed or invested shall be liable for payment of any credit balances in the account or the deposit or any accrued profit/return, and the Account Holder waives any right to demand payment of any credit balance in the account or the deposit at any branch or office of the Bank (including Head Office) or at any other Bank or affiliate or entity with whom foreign currency is placed or invested by the Bank outside Pakistan and/or to seek collection or satisfaction of the credit balance or the deposit from the Bank or any assets of the Bank or the entity referred to above in any jurisdiction outside Pakistan and/or to sue the Bank or any such entity referred to above on any claim arising from the account or deposit in any jurisdiction outside Pakistan and/or raise as defence, counter claim or set off any claim against or involving the Bank arising from the account or deposit, in any legal proceedings outside Pakistan.

# فارن کرنسی اکاؤنٹس

### فارن کرنسی اکاؤنٹس کے لئے عام قوانین

۵۴۔ بینک کا فارن کرنسی اکاؤنٹ/ ڈپازٹ، بینک کی پالیسیز سے مشروط ہے اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی ہدایات سے مشروط ہے جیسا کہ فارن ایکسچینج کتابچہ کے باب VI اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے وقتاً فوقتاً جاری کردہ تمام ہدایات اور سرکلرز میں بیان کی گئی ہیں۔ اکاؤنٹ ریلیشن شپ اور تمام ڈپازٹس پاکستان کے قوانین کے مطابق چلائے جاتے ہیں اور اس سے مشروط ہیں، یہ قوانین متعلقہ مدت کے دوران وقتاً فوقتاً مؤثر ہوسکتے ہیں۔ ایسی رقوم/ ڈپازٹس پاکستان میں صرف اس برانچ پر واجب الادا ہوں گے جہاں اکاؤنٹ کھولا گیا ہو یا جہاں رقم جمع کروائی گئی ہو۔

۵۵۔ بینک، اکاؤنٹ ہولڈر کو اس بات کے لئے جوابدہ نہیں ہوگا اس صورت میں کہ اگر اسٹیٹ بینک آف پاکستان، مطلوبہ فارن کرنسی جاری کرنے میں ناکام یا نا اہل رہتا ہے، اس کی خواہ کوئی وجہ ہو یا جنگ کا عمل، فساد کی صورتِ حال یا معاشرتی تنازع ہو یا حکومت کی جانب سے کاروائی یا کوئی بھی وسیلہ یا پاکستان میں ایسی ادائیگیوں (خواہ قانوناً ہو یا حقیقی) پر پابندی عائد ہو جو مطلوبہ فارن کرنسی میں اکاؤنٹ ہولڈر (ہولڈرز) کے لئے ہوں۔

۵۶۔ بینک کے ساتھ رکھے گئے فارن کرنسی اکاؤنٹ/ ڈپازٹ، اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے ایکسچینج کنٹرول ریگولیشنز سے مشروط ہے، جیسا کہ فارن ایکسچینج کتابچہ اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے وقتاً فوقتاً جاری کردہ تمام ہدایات اور سرکلرز اور بشمول ایف۔ ای سرکلر نمبر 25 بتاریخ 20 جون 1998 اور ایف ای سرکلر نمبر 13 بتاریخ 2 جون 1999 (وقتاً فوقتاً ترمیم کئے گئے) میں بیان کئے گئے ہیں۔ اکاؤنٹ ریلیشن شپ اور تمام ڈپازٹس پاکستان کے قوانین کے مطابق چلائے جائیں گے اور اس سے مشروط ہیں، یہ قوانین متعلقہ مدت کے دوران وقتاً فوقتاً اعلان کردہ حکومت پاکستان کی پالیسی کے فیصلوں اور متعلقہ مدت کے دوران اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی طرف سے وقتاً فوقتاً جاری کردہ ہدایات، احکامات اور سرکلرز کے مطابق وقتاً فوقتاً مؤثر ہوسکتے ہیں۔

In addition to these Terms and Conditions, we agree that all other terms and conditions applicable to the Banking Services and/ or the Applications or other arrangements between the Bank and us ("Terms of Banking Services") will continue to apply in full force and effect. In the event of any inconsistency between these Terms and Conditions and the Terms of Banking Services, these Terms and Conditions shall prevail in so far as the inconsistency relates to the Banking Service in question.

## 26. Waiver

No forbearance, delay or indulgence by the Bank in enforcing the provisions of the Agreement shall prejudice or restrict the rights of the Bank nor shall any waiver of the Bank's rights operate as a waiver of any subsequent breach and no right, power or remedy herein conferred upon or reserved for the Bank is exclusive of any other right, power or remedy available to the Bank and each such right, power or remedy shall be cumulative, unless where otherwise expressly stipulated in the Agreement

## 27. Governing Law

27.1 The Internet Banking Service and these Terms and Conditions as well as related applications, agreements, documents, etc. shall be governed in accordance with the Banking Companies Ordinance, 1962, the Electronic Transaction Ordinance, 2002 and other prevailing laws of the Islamic Republic of Pakistan, including all rules and regulations for the time being in force.

27.2 The courts of the place within Pakistan in which the branch of the Bank providing Internet Banking Service shall have the jurisdiction to try all suits and other legal proceedings.



## ۲۱۔ ترمیمات

ہم تسلیم کرتے ہیں اور متفق ہیں کہ بینک اس معاہدے میں ایسی مزید شرائط وضوابط عائد کرسکتا ہے اور تبدیلیاں کرسکتا ہے۔ مذید برآں بینک کے مروجہ شرائط وضوابط میں بھی کسی سروسز کے لئے جو سروس کے تحت استعمال کے لئے دستیاب ہوں۔ یہ بینک کی اپنی صوابدید پر ہے۔ اس معاہدہ کے شرائط وضوابط میں کسی تبدیلی سے پہلے بینک ایسے طریقہ کار سے ہمیں مطلع کرے گا جیسا کہ بینک کی جانب سے مقرر کیا گیا ہو جس میں ای۔ میل کے ذریعے نوٹیفیکیشن یا آن لائن تبدیلیوں کی بشمول پوسٹنگ کے۔ اگر ہم متفق نہ ہوں کہ ان تبدیلیوں کے پابند رہیں تو ہم تمام رسائی اور/ یا سروس کے استعمال کو بند کردیں گے اور بینک کو تحریری نوٹس دینے پر فوراً ہی اس معاہدہ کو منسوخ کردیں گے۔ ہم مزید متفق ہیں کہ اگر اس معاہدہ میں ایسی تبدیلی سے آگاہ ہونے کے بعد سروس کے استعمال کو جاری رکھیں تو ایسا استعمال اور/ یا رسائی تبدیلی کا مثبت جواب تسلیم کیا جائے گا۔

(الف) معاہدہ اور اس کی تبدیلیوں کی ہمارے جانب سے وصولی اور

(ب) ہماری جانب سے معاہدہ اور اس معاہدہ اور اس کی تبدیلیوں پر کاربند رہنے کی پابندی

## ۲۲۔ صارف کی جانب سے کوئی منتقلی نہیں کی جائے گی

صارف متفق ہے اور ذمہ لیتا ہے کہ اس معاہدہ کے ساتھ کسی بھی طرح کی منتقلی نہیں کرے گا، چارج یا دیگر معاملہ معاہدہ کے ساتھ نہیں کرے گا۔ بینک صارف کی رضامندی کے بغیر یا نوٹس کے بغیر اس معاہدہ کے تحت حقوق یا ذمہ داریوں کو کسی تیسرے فریق کو سونپ سکتا ہے۔

## ۲۳۔ رازداری

ہم ذمہ لیتے ہیں کہ اس معاہدے کے شرائط وضوابط اور اس معاہدے میں حوالہ دیئے گئے استعمالی چیزوں کو سختی سے صیغہ راز میں رکھیں گے ساتھ ہی بینک سے متعلق تمام معلومات، ڈیٹا اور مٹیریل/ مواد جس پر ہماری رسائی ہوسکتی ہو یا جو اس معاہدے کے تحت سروس کے دوران حصول کے لئے ہم تک پہنچیں، ساتھ ہی اس معاہدے کی منسوخی کے بعد بھی ان کو خفیہ رکھا جائے گا۔ ہم متفق ہیں اور تسلیم کرتے ہیں ہمارے یا ہمارے ایجنٹس، نمائندگان یا سروس فراہم کرنے والے کی جانب سے کسی انفارمیشن یا ڈیٹا کا غیر مجاز انکشاف کیا ہے جو بینک کے لئے بھاری نقصانات کا سبب ہو اس کے لئے ہم ذمہ دار ہوں گے۔

## ۲۴۔ صارف کی رازداری کی پالیسی

بینک حق محفوظ رکھتا ہے کہ یوزر کے کمپیوٹر پر معلومات کو اسٹور کرنے کے لئے "کوکی" کی صورت میں یا یوزر کی ترجیحات کو نمایاں کرنے کے لئے سائیٹ میں ترمیم کے مقاصد کے لئے اسی جیسی فائل بنائے۔ بینک کی رازداری کی پالیسی اسٹیٹمنٹ بینک کی "کوکیز" کے استعمال کے بارے میں اضافی معلومات فراہم کرتا ہے۔ ساتھ ہی "کوکیز" کو نا اہل بنانے کے لئے طریقہ کار کو بھی جو ان شرائط وضوابط کا لازمی حصہ تصور کیا جائے گا۔

## ۲۵۔ بینکنگ سروسز کی شرائط

ان شرائط وضوابط کے علاوہ، ہم متفق ہیں کہ بینکنگ سروسز کے لئے دیگر تمام قابل اطلاق شرائط وضوابط اور/ یا ہمارے اور بینک کے مابین استعمالی چیزیں یا دیگر بندوبست (بینکنگ سروسز کی شرائط) کا اطلاق پوری قوت سے نافذ رہے گا۔ بینکنگ سروسز کی ان شرائط وضوابط کے مابین کسی تضاد کی صورت میں بینکنگ سروسز کی یہ شرائط وضوابط غالب رہیں گی جہاں تک کہ بینکنگ سروس سے متعلق تضاد زیر بحث ہو۔

## ۲۶۔ دستبرداری

اس معاہدہ کی شقوں کے نفاذ میں بینک کی جانب سے کوئی ضبط، تاخیر اور رعایت نہیں ہوگی یا بینک کے حقوق پر پابندی نہیں ہوگی نہ ہی بینک رائیٹس آپریٹ کرنے سے دست بردار ہوگا جیسا کہ کسی حق، اختیار اور تدارک کی کسی مابعد خلاف ورزی سے دست بردار ہونا جو قطعی طور پر بینک کا قطعی حق، اختیار یا تدارک بینک کے لئے دستیاب ہو اور ایسا حق، اختیار یا تدارک کا مجموعہ ہوگا۔ جب تک کہ اس معاہدے میں بصورت دیگر واضح طور پر ظاہر نہ کیا گیا ہو۔

## ۲۷۔ لاگو قانون

۲۷۔۱ انٹرنیٹ بینکنگ سروس اور یہ شرائط وضوابط بشمول ان کے استعمال، معاہدات، دستاویزات وغیرہ بینکنگ کمپنیز آرڈیننس 1962 اور الیکٹرونک ٹرانزیکشن آرڈیننس 2002 اور اسلامی جمہوریہ پاکستان کے مروجہ قوانین کے مطابق ہونگے۔ بشمول تمام مروجہ رولز و ریگولیشنز جو اُس وقت لاگو ہوں۔

۲۷۔۲ پاکستان میں عدالتوں کا وہ مقام جس میں بینک کی برانچ انٹرنیٹ بینکنگ سروس فراہم کررہا ہے تمام مقدمات اور دیگر قانونی چارہ جوئیوں کی سماعت کے لئے دائرہ اختیار میں ہوگا۔

# ATM / Debit Card

The Cardholder / Account Holder understands that by signing this Application Form, the Cardholder / Account Holder agrees to all the terms and conditions contained herein relating to the Bank AL Habib Debit Card and/or ATM Card, as applicable (Terms and Conditions) issued by Bank AL Habib Limited (hereinafter referred to as "the Bank"). These Terms and Conditions are in addition to and not in substitution for any other agreements, mandates, terms and conditions relating to the Cardholder's / Account Holder's account(s) with the Bank including the General Terms and Conditions. These Terms and Conditions are to be read in conjunction with (i) the Account opening terms and conditions as shall be applicable to the Account from time to time (ii) the general terms and conditions and any other specific applicable terms and conditions for bank accounts and banking services from time to time ("General Terms and Conditions"). The Cardholder confirms having read and understood the General Terms and Conditions relating to all the services mentioned herein, as issued by the Bank from time to time and posted on the corporate website of the Bank, and agrees to be bound by such General Terms and Conditions.

## 1. Definitions

1.1 "Account" shall mean the bank account held with the Bank in the name of the Cardholder / Account Holder (whether solely or jointly with another person), the number of which account is or shall be specified in the application form for the Card.

1.2 "Account Holder" shall mean the person(s) having a bank account(s) (whether solely or jointly with another person) held with the Bank and in the name of such person(s);

1.3 "Bank AL Habib ATM Card" shall mean the ATM card issued by the Bank to the Cardholder.

1.4 "Bank AL Habib Debit Card" shall mean the debit card issued by the Bank to the Cardholder.

1.5 "Branch" shall mean that branch of Bank AL Habib Limited, where the Account is held.

1.6 "Card" shall mean the Bank AL Habib Debit Card or the ATM Card, and shall include any replacement card or supplementary card, as applicable.

1.7 "Cardholder" shall mean the person(s) authorized to operate the Account (singly in case of Joint Account held on an either or survivor basis) in accordance with the Bank's Terms and Conditions applicable to such Account, and where applicable, persons who shall be issued a supplementary Card.

1.8 "PIN" means the Personal Identification Number which the Cardholder uses from time to time with the Card and shall also include the Telephone Personal Identification Number ("TPIN") where the context so permits.

1.9 "Transaction" means any cash withdrawal or payment or any other transaction that may be made using the Card, or any refund arising in connection with the use of the Card in any authorised manner for debit or credit to the Account.

## 2. Card Issuance

The Bank may issue a Card, at its sole discretion, when the Cardholder has duly completed an application form, agreed to these Terms and Conditions and the General Terms and Conditions for bank accounts and the same have been approved by the Bank. Opening and maintaining an Account with the Bank is a condition precedent for the issuance of a Card.

## 3. Card Ownership

3.1 The Card shall remain the property of the Bank at all times and the Bank may, through any of its authorized officers, employees, associates or agents retain the Card, require the Cardholder to return the Card or suspend the use of the Card at any time in its absolute discretion and the Bank shall not be liable for any loss suffered by the Cardholder as a result thereof.

3.2 The Card shall only be used by the Cardholder. The Cardholder is not permitted to give his/her Card to third parties and is responsible for ensuring that the Card is not accessible to any such third parties.

# اے ٹی ایم / ڈیبٹ کارڈ

کارڈ ہولڈر/ اکاؤنٹ ہولڈر سمجھتا ہے کہ اس درخواست فارم پر دستخط سے کارڈ ہولڈر/ اکاؤنٹ ہولڈر بینک الحبیب ڈیبٹ کارڈ اور/ یا اے ٹی ایم سے متعلق اس میں دی گئی تمام شرائط وضوابط سے متفق ہے اس طرح جیسے بینک الحبیب لمیٹڈ (بینک) کی جانب سے شرائط وضوابط جاری ہوئی ہیں۔ یہ شرائط وضوابط اضافی ہیں اور کارڈ ہولڈر/ اکاؤنٹ ہولڈر کے بینک کے ساتھ دیگر کسی دوسرے معاہدوں، مینڈیٹس، شرائط وضوابط کا متبادل نہیں ہیں بشمول عمومی شرائط وضوابط کے۔ ان شرائط وضوابط کو (i) اکاؤنٹ اوپننگ کی شرائط وضوابط کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے گا جیسا کہ وقتاً فوقتاً اکاؤنٹ کے لئے قابل اطلاق ہوں (ii) بینک اکاؤنٹ اور بینکنگ سروسز کے لئے عام شرائط وضوابط اور وقتاً فوقتاً مخصوص قابل اطلاق شرائط وضوابط (عام شرائط وضوابط) کارڈ ہولڈر تصدیق کرتا ہے کہ اُس نے اس میں ذکر کردہ تمام سروسز کے لئے عام شرائط وضوابط کو پڑھ و سمجھ لیا ہے۔ جو بینک کی جانب سے وقتاً فوقتاً جاری ہوئے ہوں اور بینک کی کارپوریٹ ویب سائٹس پر دکھائے گئے ہیں اور متفق ہے کہ ان عام شرائط وضوابط پر کاربند رہے گا۔

## ۱۔ تعریف

۱۔۱ ''اکاؤنٹ'' سے مراد ہوگا اکاؤنٹ ہولڈر کے نام میں بینک کے ساتھ رکھا ہوا اکاؤنٹ (خواہ بلا شرکت غیرے یا مشترکہ دیگر افراد کے ساتھ) اکاؤنٹ کا نمبر کارڈ کے لئے درخواست کے فارم میں واضح ہے یا کیا جائے گا۔

۱۔۲ ''اکاؤنٹ ہولڈر'' سے مراد اکاؤنٹ رکھنے والا (والے) فرد (افراد) ہوگا (ہونگے) (خواہ بلاشرکت غیرے، مشترکہ یا کسی دوسرے شخص کے ساتھ) جس کا اکاؤنٹ ایسے شخص یا اشخاص کے نام پر بینک کے ساتھ ہو۔

۱۔۳ بینک الحبیب اے ٹی ایم کارڈ سے مراد ہوگا بینک کی جانب سے کارڈ ہولڈر کو جاری کیا گیا اے ٹی ایم کارڈ۔

۱۔۴ بینک الحبیب ڈیبٹ کارڈ سے مراد ہوگا بینک کی جانب سے کارڈ ہولڈر کو جاری کیا گیا ڈیبٹ کارڈ۔

۱۔۵ برانچ سے مراد ہوگا بینک الحبیب لمیٹڈ کی برانچ جہاں اکاؤنٹ رکھا گیا ہو۔

۱۔۶ ''کارڈ'' سے مراد بینک الحبیب ڈیبٹ کارڈ یا اے ٹی ایم کارڈ ہوگا جس میں کوئی متبادل یا سپلیمنٹری کارڈ بھی شامل ہوگا۔ جو بھی قابل اطلاق ہو۔

۱۔۷ کارڈ ہولڈر سے مراد ہوگا اکاؤنٹ چلانے کے لئے مجاز شخص (اشخاص) (مشترکہ اکاؤنٹ کی صورت میں انفرادی یا دونوں میں سے ایک بچ رہنے والا کی بنیاد پر) جو ایسے اکاؤنٹ کے لئے بینک کی شرائط وضوابط کے مطابق قابل اطلاق ہو۔ ان اشخاص کو سپلیمنٹری کارڈ جاری کیا جائے گا۔

۱۔۸ ''پن'' سے مراد ہے ذاتی شناخت کا نمبر جو کارڈ ہولڈر کارڈ کے ساتھ وقتاً فوقتاً استعمال کرتا ہے اس میں ٹیلی فون پرسنل آئیڈنٹیفکیشن نمبر (TPIN) بھی شامل ہوگا جہاں سیاق وسباق اجازت دیتے ہوں۔

۱۔۹ ''ٹرانزیکشن'' سے مراد ہے کوئی کیش نکلوانا یا ادائیگی کرنا یا دیگر ٹرانزیکشن جو کارڈ کے استعمال سے کیا گیا ہو یا کارڈ کے استعمال ہونے کے سلسلے میں پیدا ہونے والے کسی ریفنڈ کے لئے بااختیار طریقے سے اکاؤنٹ میں ڈیبٹ کریڈٹ کرنے کے لئے ہو۔

## ۲۔ کارڈ کا اجراء

بینک اپنے قطعی صوابدید پر کارڈ جاری کر سکتا ہے جب کارڈ ہولڈر نے درخواست کا فارم مکمل کیا ہو اور ان شرائط وضوابط اور بینک اکاؤنٹ کے عام شرائط وضوابط سے متفق ہو اور اسے بینک کی جانب سے منظور کیا گیا ہو۔ کارڈ جاری کرنے کے لیئے بینک کے ساتھ اکاؤنٹ کھولنے اور برقرار رکھنے کی مقدم شرط پر ہے۔

## ۳۔ کارڈ کی ملکیت

۳۔۱ کارڈ ہر وقت بینک کی ملکیت رہے گا بینک اپنے بااختیار آفیسر، ملازمین، ایسوسی ایٹس یا ایجنٹس کے ذریعے کارڈ قبضے میں رکھ سکتا ہے۔ کارڈ ہولڈر سے واپسی کی طلبی یا کہ کارڈ معطلی کسی وقت اپنی صوابدید میں کر دے اور اس کے نتیجے میں کارڈ ہولڈر کو پیش آنے والے کسی نقصان کے لئے بینک ذمہ دار نہیں ہوگا۔

۳۔۲ کارڈ صرف کارڈ ہولڈر ہی استعمال کرے گا۔ کارڈ ہولڈر کو اجازت نہیں ہوگی کہ وہ کسی تیسرے فریق کو کارڈ تک رسائی دے اور اسکو یہ یقینی بنانے کا ذمہ دار ہوگا۔

## 4. Bank AL Habib Debit Card Usage

4.1 The Bank AL Habib Debit Card may be used to withdraw money at any Automated Teller Machine ("ATM") or to access any additional banking services offered through the ATMs (including, but not limited to transfer of funds locally from one account to another within the Bank or any other bank in Pakistan and payment of utility bills). The Bank AL Habib Debit Card may also be used for payment for goods and/or services at retailers or suppliers worldwide who accepts the Bank AL Habib Debit Card, subject to compliance with the relevant bankcard association's rules and regulations, as applicable from time to time.

4.2 If the Cardholder uses the Bank AL Habib Debit Card for Transactions outside Pakistan (including ATMs), the Cardholder will be liable for currency conversion and service fee which is charged upfront at the time of the Transaction. However, the Bank makes no warranty and assumes no liability or responsibility for any limitation on conversion or availability of foreign exchange whether due to State Bank of Pakistan or otherwise.

4.3 In case a merchant makes a refund for a Bank AL Habib Debit Card transaction, the Bank will credit the relevant Bank AL Habib Debit Card Account upon receipt of cleared refund amount from the merchant or the settlement bank in respect of such refund. The Bank will not be responsible for any delay in receiving such refunds.

4.4 The primary Cardholder shall be solely responsible for all Transactions carried out using a supplementary Bank AL Habib Debit Card. In this regard, the point of contact for the Bank in conjunction with all matters relating to the usage of the supplementary Bank AL Habib Debit Card (including any related dispute) shall be the primary Cardholder and the primary Cardholder acknowledges and accepts the same. The Bank shall also require the consent and signature of the primary Cardholder on any correspondence or instructions (including any amendment) to the Bank relating to the supplementary Bank AL Habib Debit Card. The supplementary Bank AL Habib Debit Cards shall not be issued to minors.

4.5 The Bank AL Habib Debit Card can be used for TeleBanking services and other financial transactions /services which can be conducted through the ATM across Pakistan (e.g. utility bills payment, electronic funds transfer etc.), as offered by the Bank from time to time.

## 5. Bank AL Habib ATM Card Usage

5.1 The Bank AL Habib ATM Card shall be issued for use on ATMs and Point of Sales (POS) Terminals installed at the branches and at business place(s) of merchants and the ATM/Debit Switch designated by the Bank within Pakistan and all transactions shall be in Pak Rupees.

5.2 The Bank AL Habib ATM Card can also be used for TeleBanking services and other financial transactions /services which can be conducted through the ATM across Pakistan (e.g. utility bills payment, electronic funds transfer etc.), as offered by the Bank from time to time.

5.3 The Bank AL Habib ATM Card shall not be used to overdraw the Account or to obtain credit of any description or nature and shall not under any circumstances be alienated, transferred, pledged or made subject to any lien, charge or encumbrance of any nature.

5.4 The Bank reserves the right to limit cash withdrawal and total purchases amount from an ATM or POS terminal during 24 hours period and to advise the Cardholder of such limits from time to time.

5.5 The Bank shall not be responsible for any loss or damage arising directly or indirectly from any malfunction or failure of the Bank AL Habib ATM Card or the ATM/ POS/ TeleBanking service or the temporary insufficiency of funds of such machines or the suspension or the closure of the machine for repair or servicing or power breakdown.

5.6 The Bank shall have the right to rectify any error(s) in the entries and reverse any erroneous entries in the Account due to any bonafide mistake or malfunction of the ATM/POS/ TeleBanking service. The Bank's record of any Transaction generated electronically or otherwise shall be conclusive evidence of such transaction.

5.7 The Bank shall not issue any supplementary Bank AL Habib ATM Card to the Cardholder.



## ۴۔ بینک الحبیب ڈیبٹ کارڈ کا استعمال

۴۔۱ بینک الحبیب ڈیبٹ کارڈ آٹومیٹڈ ٹیلر مشین (اے ٹی ایم) سے رقم نکلوانے کے لئے استعمال کیا جاسکتا ہے یا اے ٹی ایم کے ذریعے پیش کی گئی اضافی بینکنگ سروسز تک رسائی حاصل کی جاسکتی ہے (لیکن محدود نہیں ہے، بشمول فنڈز کی مقامی بینک پر منتقلی یا پاکستان میں دیگر بینکوں میں منتقلی اور یوٹیلیٹی بلوں کی ادائیگی تک)۔ الحبیب ڈیبٹ کارڈ اشیاء کی ادائیگی کے لئے بھی استعمال ہوسکتا ہے۔ الحبیب ڈیبٹ کارڈ عالمی سطح پر ریٹیلر یا سپلائیر کو اشیاء کی ادائیگی کے لئے بھی استعمال ہوسکتا ہے جو بینک الحبیب ڈیبٹ کارڈ تسلیم کرتے ہوں۔ جس کی تعمیل متعلقہ بینک کارڈ ایسوسی ایشن کے رولز اور ریگولیشنز سے مشروط ہوگی۔

۴۔۲ اگر کارڈ ہولڈر بینک الحبیب ڈیبٹ کارڈ پاکستان سے باہر ٹرانزیکشن کے لئے کارڈ استعمال کرتا ہے (بشمول اے ٹی ایمز) کارڈ ہولڈر کرنسی تبدیل کرنے اور سروس فیس کے لئے ذمہ دار ہوگا۔ سروس فیس ٹرانزیکشن کے وقت پر اپ فرنٹ وصول کی جائے گی تاہم بینک تبدیلی پر کسی پابندی یا فارن ایکسچینج کی دستیابی کے لئے کوئی ضمانت یا ذمہ داری تصور نہیں کرتا۔ خواہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی وجہ سے ہو یا بصورت دیگر

۴۔۳ مرچنٹ کے ریفنڈ دینے کی صورت میں بینک الحبیب ڈیبٹ کارڈ کی ٹرانزیکشن کے لئے، بینک مرچنٹ یا حساب بے باق کرنے والی بینک سے ریفنڈ کی تصفیہ شدہ رقم کی وصولی پر متعلقہ الحبیب ڈیبٹ کارڈ اکاؤنٹ کو کریڈٹ کردے گا۔ بینک ایسے ریفنڈز کی وصولی میں کسی تاخیر کے لئے ذمہ دار نہیں ہوگا۔

۴۔۴ پرائمری کارڈ ہولڈر سپلیمنٹری بینک الحبیب ڈیبٹ کارڈ کے استعمال سے کی جانے والی تمام ٹرانزیکشنز کے لئے قطعی طور پر ذمہ دار ہوگا۔ اس سلسلے میں بینک کے لئے رابطے کا مقام تمام امور سے متعلق سپلیمنٹری بینک الحبیب ڈیبٹ کارڈ (بشمول کسی متعلقہ تنازعہ) پرائمری کارڈ ہولڈر پر ہوگا اور پرائمری کارڈ ہولڈر اسے تسلیم کرتا ہے۔ بینک کے لئے کسی خط وکتابت یا ہدایات پر پرائمری کارڈ ہولڈر کی رضامندی اور دستخط بھی ضروری ہوں گے (بشمول کوئی ترمیم) سپلیمنٹری بینک الحبیب ڈیبٹ کارڈ چھوٹے بچوں کو جاری نہیں کئے جائیں گے۔

۴۔۵ بینک الحبیب ڈیبٹ کارڈ ٹیلی بینکنگ سروسز اور دیگر مالی ٹرانزیکشنز/ سروسز کے لئے استعمال کئے جاسکتے ہیں جو پورے پاکستان میں اے ٹی ایم کے ذریعے انجام دیئے جاسکتے ہیں۔ (مثلاً یوٹیلیٹی بلوں کی ادائیگی۔ الیکٹرونک فنڈز ٹرانسفر وغیرہ) جیسا کہ بینک کی جانب سے وقتاً فوقتاً پیش کش کی گئی ہوں۔

## ۵۔ بینک الحبیب اے ٹی ایم کارڈ کا استعمال

۵۔۱ بینک الحبیب اے ٹی ایم کارڈ اے ٹی ایمز اور برانچز اور مرچنٹس کے بزنس مقامات پر نصب پوائنٹ آف سیلز (POS) ٹرمنل پر استعمال کرنے کے لئے جاری کیا جائے گا اور پاکستان میں بینک کی جانب سے اے ٹی ایم/ ڈیبٹ کارڈ سوئچ مقرر کئے گئے ہیں اور تمام ٹرانزیکشن پاکستانی روپوں میں ہونگی۔

۵۔۲ بینک الحبیب اے ٹی ایم کارڈ ٹیلی بینکنگ سروسز اور دیگر مالی ٹرانزیکشنز/ سروسز کے لئے بھی استعمال کیا جاسکتا ہے جو پورے پاکستان میں اے ٹی ایم کے ذریعے انجام دیئے جاسکتے ہیں۔ (مثلاً یوٹیلیٹی بلوں کی ادائیگی۔ الیکٹرونک فنڈز ٹرانسفر وغیرہ) جیسا کہ بینک کی جانب سے وقتاً فوقتاً پیش کش کی گئی ہو۔

۵۔۳ بینک الحبیب اے ٹی ایم کارڈ اکاؤنٹ سے اوورڈرا (زیادہ موجود رقم سے نکلوانے) کے لئے استعمال نہیں ہوگا یا کسی ڈسکرپشن کا کریڈٹ حاصل کرنا یا کسی بھی حالات کے تحت الگ، ٹرانسفر، گروی یا کسی رہن کے مشروط، چارج یا کسی نوعیت کا بوجھ نہیں بن سکتا۔

۵۔۴ بینک یہ حق محفوظ رکھتا ہے کہ کیش نکلوانے کی یا/ اور اے ٹی ایم یا پی او ایس ٹرمنل سے 24 گھنٹے کے عرصے میں خریداری کی مجموعی رقم کی حد مقرر کرے اور وقتاً فوقتاً ایسی حد سے کارڈ ہولڈر کو آگاہ کرے۔

۵۔۵ بینک الحبیب اے ٹی ایم کارڈ یا اے ٹی ایم/ پی او ایس/ ٹیلی بینکنگ سروسز یا ایسی مشینوں میں فنڈز عارضی طور پر کمی یا مشینوں کی مرمت یا سروسنگ کی وجہ معطلی یا پاور بریک ڈاؤن سے براہ راست یا بلاواسطہ ہونے والے کسی نقصان کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

۵۔۶ بینک کو یہ حق حاصل ہوگا کہ انٹریز (اندارج) میں کسی غلطی کو درست کرے اور اکاؤنٹ میں کسی غلط انٹری کو تبدیل کردے جو اے ٹی ایم/ پی او ایس/ ٹیلی بینکنگ میں سروس کے خراب فنکشن کی وجہ ہو۔ بینک کے کسی ٹرانزیکشن کا ریکارڈ جو الیکٹرونکلی جنریٹ کیا گیا ہو یا بصورت دیگر ایسی ٹرانزیکشن کا قطعی ثبوت ہوگا۔

۵۔۷ بینک سپلیمنٹری بینک الحبیب اے ٹی ایم کارڈ، کارڈ ہولڈر کو جاری نہیں کرے گا۔

### 6. Card Validity

6.1 The Card shall not become valid or operational until the Cardholder acknowledges receipt of the Card and accepts the Terms and Conditions for Card usage. The Card will be activated in such manner as the Bank may specify from time to time.

6.2 The Card shall only be valid for the period specified on it and must not be used beyond such period or if the Bank has required by notice in writing to the Cardholder that the Card be returned to the Bank. When the period of validity of a Card expires, it must be destroyed by cutting it in half through the magnetic strip, which shall be the responsibility of the Cardholder.

### 7. Loss or Theft of the Card

7.1 The Cardholder must take all precautions to prevent un-authorized use of the Card or the PIN. If the Card is lost or stolen, the Cardholder shall immediately notify the Bank by telephone on the contact number(s) from time to time notified to the Cardholder and the Cardholder must, in addition, immediately notify the Bank in writing of such loss or theft. The Cardholder will be solely responsible for any losses or expenses incurred as a result of the loss, theft, misuse or unauthorized use of the Card. The Bank shall take reasonable steps to deactivate the Card upon it being reported stolen or lost, subject to the Cardholder providing information to establish his/her identity to the satisfaction of the Bank. However, the Bank will not assume liability for any misuse of the Card until such time as it is deactivated and the Bank's record of transaction processed by the Card shall be conclusive and binding evidence for all purposes.

7.2 The Cardholder must co-operate with any officers, employees, representatives or agents of the Bank and/or law enforcement agencies in any efforts to recover the Card if it is lost or stolen. The Bank is authorized to disclose information about the Cardholder and the Account if the Bank ascertains that it will help avoid or recover any loss to the Cardholder or the Bank, resulting from the loss, theft, misuse or un-authorized use of the Card. If the Card is found after the Bank has been given notice of its loss or theft the Cardholder must not use it again. The Card must be cut in half through the magnetic strip by the Cardholder and returned to the Bank immediately.

7.3 The Cardholder shall use the Card entirely at his/her own risk and shall indemnify and hold the Bank harmless from and against all losses, damages and costs as a result of using the Card.

7.4 The Cardholder shall not pass the Card to any other person and undertakes that he/she shall take every possible care to prevent the Card from being lost, mislaid or stolen.

7.5 The Cardholder accepts all debits made to the Account arising from use of the Card without limitation, (except after written notice of loss has been received and acknowledged by the Bank).

7.6 The Bank shall not be liable for any loss to the Cardholder whatsoever arising out of or in connection with failure or delay in carrying out his/her instructions.

### 8. PIN

8.1 The Card shall be issued with a Personal Identification Number (PIN).

8.2 The Bank shall also issue a PIN to the Cardholder, upon request by the Cardholder. If the Bank issues a PIN, the Cardholder must take all reasonable precautions to avoid unauthorized use, including but not limited to, destroying any correspondence containing the PIN promptly after receipt, never disclosing the PIN to any third party, never writing the PIN on the Card or any other item normally kept with the Card and never writing the PIN in a way that can be understood by someone else.

8.3 The Cardholder shall take every precaution to prevent disclosure of any electronic service PIN/ Password availed by the Cardholder, to any third party, accidently or otherwise. All transactions carried out by use of the PIN/Password shall be treated as transactions carried out by the Cardholder, even in cases where the PIN/ Password is divulged to any other person unless the Cardholder has blocked the Card. The Cardholder shall indemnify and keep the Bank indemnified and harmless from and against all losses, damages and costs that may occur as a result of the PIN divulgence. If the PIN is unwittingly or otherwise divulge to a third party, the Cardholder must notify the Bank as soon as the Cardholder becomes aware that a third party (besides the Cardholder) knows or is suspected of knowing the PIN.



### ۶۔ نافذ العمل کارڈ

۶۔۱ کارڈ کارآمد نہیں ہوگا یا آپریشنل نہیں ہوگا تاوقت کہ کارڈ وصول نہیں کیا جاتا اور کارڈ کے استعمال کے شرائط و ضوابط کو تسلیم نہیں کیا جاتا۔ کارڈ ایسے طریقہ اور وقت پر ایکٹیویٹ کیا جائے گا جس کی وضاحت بینک وقتاً فوقتاً مقرر کرے گا۔

۶۔۲ کارڈ صرف اس پر تحریر کردہ عرصہ کے لئے موثر ہوگا اور اس مدت کے بعد استعمال نہیں کیا جاسکتا یا اگر بینک کارڈ ہولڈر کو تحریری نوٹس سے مطلع کرے کہ بینک کو کارڈ واپس کیا جائے۔ جب کارڈ کی مدت ختم ہوجاتی ہے۔ اسے دو حصوں میں مقناطیسی پٹی سے کاٹ کر ضائع کرنا ہوگا جو کہ کارڈ ہولڈر کی ذمہ داری ہوگی۔

### ۷۔ کارڈ کا گم یا چوری ہونا

۷۔۱ کارڈ ہولڈر کو تمام احتیاطی تدابیر لینا ہونگی کارڈ یا پن کے غیر مجاز استعمال سے بچانے کیلئے۔ اگر کارڈ گم یا چوری ہوجائے۔ کارڈ ہولڈر فوراً بینک کو کونٹیکٹ نمبر پر جو کہ وقتاً فوقتاً کارڈ ہولڈر کو بتایا جاتا ہے ٹیلی فون کے ذریعے مطلع کرے گا۔ اور کارڈ ہولڈر اس کے علاوہ ایسے گمشدگی/ نقصان یا چوری سے بینک کو تحریری طور پر بھی مطلع کرے گا۔ کارڈ ہولڈر کارڈ کے گم ہونے یا چوری ہونے کے نتیجے میں کسی نقصان یا پیش آنے والے اخراجات کا قطعی طور پر ذمہ دار ہوگا۔ بینک اس کے چوری یا گم ہونے کی اطلاع پر کارڈ کو غیر موثر کرنے کے لئے مناسب اقدامات اٹھائے گا جو کارڈ ہولڈر کی جانب سے معلومات فراہم کرنے سے مشروط ہے تاکہ اس کی شناخت ہو بینک کے اطمینان کے لئے تاہم بینک ذمہ داری نہیں لے گا کارڈ کے کوئی غلط استعمال پر تاوقت کہ یہ غیر موثر نہیں ہوتا۔ اور کارڈ کی جانب کیا گیا ٹرانزیکشن بینک کے ریکارڈ میں پروسیس ہونے کے بعد یہ حتمی اور پابند کرنے والا ثبوت ہوگا ہر مقصد کے لئے۔

۷۔۲ کارڈ ہولڈر بینک کے کوئی بھی آفیسرز، ملازمین، نمائندگان یا ایجنٹ سے تعاون ضرور کرے اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے بھی کارڈ کی تلاش میں کوئی سی جدوجہد میں تعاون کرے اگر یہ گم یا چوری ہوگیا ہو۔ بینک بااختیار ہے کہ کارڈ ہولڈر اور اکاؤنٹ کے بارے میں معلومات فراہم کرے اگر بینک سمجھتا ہے کہ یہ بینک یا کارڈ ہولڈر کا کارڈ گم ہونے، چوری ہونے یا کارڈ کے غلط استعمال کے نتیجے میں کسی نقصان کی ریکوری میں مدد دے گا۔ اگر کارڈ مل جاتا ہے بینک کو اُسکی گمشدگی کی اطلاع دینے کے بعد تو کارڈ ہولڈر اسے دوبارہ استعمال نہیں کرے گا۔ کارڈ ہولڈر کی جانب سے کارڈ کو مقناطیسی پٹی سے دو حصوں میں کاٹ کر بینک کو فوراً واپس کیا جائے گا۔

۷۔۳ کارڈ ہولڈر کارڈ خود اپنی ذمہ داری پر استعمال کرے گا اور بینک کو تمام نقصانات، اور لاگتوں سے محفوظ رکھے گا جو کارڈ کے استعمال کے نتیجہ میں پیش آئیں۔

۷۔۴ کارڈ ہولڈر کارڈ کسی دوسرے شخص کو نہیں دے گا اور ضمانت دیتا ہے کہ وہ کارڈ کو گم ہوتے چوری ہونے اور غلط استعمال سے محفوظ رکھنے کے لئے تمام ممکنہ حفاظتی اقدامات اٹھائے گا۔

۷۔۵ کارڈ ہولڈر کسی حد کے بغیر کارڈ کے استعمال سے پیدا ہونے والے تمام ڈیبٹس کو قبول کرتا ہے (بجز اسکے کہ بینک کو نقصان کا تحریری نوٹس حاصل اور وصول کرلیا گیا ہو)۔

۷۔۶ بینک کارڈ ہولڈر کی ہدایات کا انجام دینے میں ناکامی یا تاخیر کی وجہ سے پیدا ہونے والے کسی نقصان کا ذمہ دار نہیں ہوگا خواہ کوئی صورت ہو۔

### ۸۔ پن

۸۔۱ کارڈ پرسنل آئیڈنٹیفکیشن نمبر (PIN) کے ساتھ جاری کیا جائے گا۔

۸۔۲ کارڈ ہولڈر کی درخواست پر بینک کارڈ ہولڈر کو ایک PIN جاری کرے گا۔ اگر بینک پن جاری کرتا ہے تو کارڈ ہولڈر پن کی وصولی کے فوراً بعد تمام مناسب احتیاطی تدابیر لے تاکہ اس کے غیر مجاز استعمال سے محفوظ رہے۔ بشمول لیکن محدود نہیں۔ اور جہاں کہیں بھی پن لکھا ہوا ہو اُسکو ضائع کرے وصول کرنے کے بعد کبھی بھی کسی تیسرے فریق کو پن نہیں بتائے نہ کارڈ پر پن لکھے نہ ہی کارڈ کے ساتھ کوئی اور چیز رکھے نہ ہی پن کسی اور طریقے سے لکھے کہ کوئی دوسرا اُسے سمجھ سکے۔

۸۔۳ کارڈ ہولڈر ہر احتیاطی تدابیر لے گا تاکہ کارڈ ہولڈر کی جانب سے حاصل کیا گیا کسی الیکٹرونک سروس PIN / پاس ورڈ کو کسی تیسرے فریق پر عیاں اچانک یا کوئی اور طریقے سے ہونے سے ہر موقع پر بچائے۔ پن/ پاس ورڈ کے استعمال سے انجام دیئے تمام ٹرانزیکشنز ایسے شمار کئے جائیں گے جیسا کہ کارڈ ہولڈر کی جانب سے ٹرانزیکشنز انجام دیئے گئے ہوں۔ پن/ پاس ورڈ کا کسی شخص پر ظاہر ہونے کی صورت میں بھی جب تک کارڈ ہولڈر کارڈ کو بلاک (بند) نہیں کرواتا۔ کارڈ ہولڈر بینک کی تلافی کرے گا اور بینک کو تمام نقصانات، لاگتوں سے محفوظ رکھے گا جو پن کے فاش ہونے کے نتیجے میں پیش آئیں۔ اگر پن ان جانے میں یا بصورت دیگر تیسرے فریق پر ظاہر ہوجاتی ہے۔ کارڈ ہولڈر بینک کو جلد از جلد مطلع کرے گا جیسے ہی کارڈ ہولڈر کو معلوم ہو کہ تیسرے فریق (کارڈ ہولڈر کے علاوہ) معلوم ہوگیا ہو یا پن کا جاننا مشتبہ ہو۔

8.4 Where verbal notice of loss, theft or misplacement of the Card or of the PIN divulgence is given it must immediately be confirmed in writing to the Cardholder's branch of the bank.

8.5 Each person, who through the use of the Card with the PIN withdraws cash or makes payment(s), will be considered by the Bank to be an authorized Cardholder. This also applies if this person is not actually a Cardholder and the Bank is authorized to accept such Transactions by the aforesaid use and debit the relevant Account(s) in respect of such Transactions. The risk arising from the use and the misuse of the Card is thus solely assumed by the Cardholder directly and Bank will not be liable in respect of the same. If the PIN is held with the Card and subsequently lost or stolen, the Cardholder will be solely liable for all PIN related Transactions. If the Cardholder discloses the PIN to any third party, then the Cardholder will be solely liable for all subsequent PIN related Transactions.

**TPIN**

8.6 The Bank is authorized to act on any telephone instruction(s) that has/ have been given by the Cardholder either after call center manual standard verification or where the TPIN generated by the Cardholder using the Bank's IVR service is provided at the time of giving such instructions.

8.7 Notwithstanding that the Cardholder has changed his/her TPIN using the Bank's IVR service, the Cardholder will continue to remain liable for any unauthorized transaction(s) or loss(es) incurred as a result of any unauthorised use of the Card after the TPIN has been changed. Once the TPIN has been changed by the Cardholder using the IVR service, the changed TPIN number shall be deemed to be a new TPIN and the Bank shall not be held responsible for any unauthorized transaction(s) or loss(es) incurred by the Cardholder following such change.

## 9. Charges

9.1 The Cardholder agrees that charges, fees, duties, levies and other expenses (collectively the "Charges") will be charged by the Bank for the issuance and usage of the Card as per the Schedule of Charges. The Cardholder agrees to pay and reimburse the Bank, all or any such charges immediately upon demand. Such charges may change from time to time as per the Schedule of Charges of the Bank and it shall be the Cardholder's responsibility to comply with the same. All charges are non-refundable unless otherwise indicated by the Bank.

9.2 The Cardholder shall ensure that sufficient funds are always available in the Card related Account before making any withdrawals/purchases and to account for any Charges levied. If, for any reason, an Account becomes overdrawn by use of the Card, the Cardholder shall be responsible to pay the deficit along with mark up, charges etc. at the prevailing rate applicable to clean finance facility allowed by the Bank to its customers which shall be payable immediately on demand by the Cardholder, together with 20% liquidated damages on the outstanding amount. The Bank shall also have the right to cancel the Card. Notwithstanding such cancellation the Cardholder shall remain liable for the amount overdrawn by him/ her together with mark-up, charges; liquidated damages etc.

9.3 The Bank shall debit the Cardholder's Account with the amount of any withdrawal/ transfer payment and all such payments as effected by the use of the Card along with the related bank charges/ markups etc., including taxes/ duties levied by the Federal or Provincial Government and all such entries in the account shall be conclusive and binding upon the Cardholder.

## 10. Total Usage

10.1 The total amount of any Transactions carried out in any single day shall be limited to such amounts and by such other conditions as shall be notified in writing to the Cardholder by the Bank from time to time, with effect from the date of such notice. The Cardholder shall not enter into Transactions involving the Card for a value in excess of the credit balance or limit (if any) of the Account as may be prescribed from time to time.



۸۔۴ جہاں کارڈ کی گمشدگی، چوری کا یا پن کے فاش ہونے کا زبانی نوٹس دیا گیا ہو۔ کارڈ ہولڈر اس کی تصدیق بینک کی برانچ کو تحریری طور پر فوراً کرے۔

۸۔۵ ہر ایک شخص جو کارڈ کے ساتھ پن کے استعمال سے کیش نکلواتا ہے یا ادائیگیاں کرتا ہے بینک کی جانب مجاز کارڈ ہولڈر تصور کیا جائے گا۔ یہ وہاں بھی قابل اطلاق ہوگا جہاں یہ شخص اصل میں کارڈ ہولڈر نہیں ہے اور بینک بااختیار ہے اور بینک مذکورہ بالا استعمال سے ایسی ٹرانزیکشنز کو قبول کرتا ہے۔ اور ایسی ٹرانزیکشنز کو متعلقہ اکاؤنٹ میں ڈیبٹ کر دے گا۔ کارڈ کے غلط استعمال سے پیدا ہونے والا خطرہ براہ راست کارڈ ہولڈر کی جانب سے تصور کیا جائے گا اور بینک اس سلسلے میں ذمہ دار نہیں ہوگا۔ اگر پن کارڈ کے ساتھ رکھا گیا ہو اور مابعد گم یا چوری ہو جاتا ہے، کارڈ ہولڈر پن سے متعلق تمام ٹرانزیکشنز کا قطعی طور پر ذمہ دار ہوگا۔ اگر کارڈ ہولڈر پن کسی تیسرے فریق پر ظاہر کرتا ہے۔ تب کارڈ ہولڈر پن سے متعلق مابعد تمام ٹرانزیکشن کا خود ذمہ دار ہوگا۔

**ٹی پن**

۸۔۶ بینک کسی ٹیلی فون ہدایت پر عمل کرنے کے لئے بااختیار ہے جو کارڈ ہولڈر کی جانب سے دی گئی ہو خواہ کال سینٹر مینول اسٹینڈرڈ ویریفکیشن یا جہاں کارڈ ہولڈر کی جانب سے بینک کی IVR سروس کے استعمال سے TPIN جنریٹ کرنے سے ایسی ہدایات دینے کے وقت فراہم کی گئی ہو۔

۸۔۷ باوجود اس کے کہ کارڈ ہولڈر نے بینک کی IVR سروس کے استعمال سے اپنا TPIN تبدیل کر لیا ہو کارڈ ہولڈر TPIN تبدیل کرنے کے بعد کارڈ کے غیر مجاز/ غلط استعمال کے نتیجے میں پیش آنے کسی غیر مجاز ٹرانزیکشن کے لئے نقصانات کا ذمہ دار رہے گا۔ کارڈ ہولڈر کی جانب سے IVR سروس کے استعمال سے TPIN کی تبدیلی پر تبدیل کیا گیا TPIN نمبر نیا TPIN تصور کیا جائے گا اور بینک کارڈ ہولڈر کی جانب سے ایسی تبدیلی سے پیش آنے کسی غیر مجاز/ غلط ٹرانزیکشنز یا نقصانات کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

## ۹۔ چارجز

۹۔۱ کارڈ ہولڈر بینک کی جانب سے کارڈ کے اجراء اور استعمال کے لئے چارجز، فیس، ڈیوٹیز، جرمانے اور دیگر اخراجات (مجموعی طور پر چارجز) شیڈول آف چارجز کے مطابق ادا کرنے پر متفق ہے۔ کارڈ ہولڈر بینک کو ایسے تمام چارجز مطالبے پر ادا کرنے اور واپس کرنے پر متفق ہے۔ ایسے چارجز بینک کے شیڈول آف چارجز وقتاً فوقتاً تبدیل ہو سکتے ہیں اور یہ کارڈ ہولڈر کی ذمہ داری ہوگی کہ ان کی تعمیل کرے۔ تمام چارجز ناقابل واپسی ہیں جب تک بینک کی جانب سے بصورت دیگر ظاہر نہ کیا گیا ہو۔

۹۔۲ کارڈ ہولڈر یقین کرے گا کہ کسی وِدھ ڈرال/ خریداری کرتے سے پہلے اور بشمول کسی عائد کردہ چارجز کے لئے متعلقہ اکاؤنٹ کارڈ میں ہمیشہ مناسب فنڈز دستیاب ہیں۔ اگر کسی وجہ سے کارڈ استعمال سے اکاؤنٹ اوورڈران ہو جاتا ہے تو کارڈ ہولڈر ذمہ دار ہوگا کہ نقصان بمعہ مارک اپ، چارجز وغیرہ بینک کو اپنے کسٹمرز کو دی گئی کلین فنانس فیسیلیٹی کے لئے مروجہ شرح سے ادا کرے جو کارڈ ہولڈر سے مطالبہ پر فوراً واجب الادا ہوں گے بمعہ واجب الادا رقم پر 20 فیصد ہرجانے کے۔ بینک کو یہ حق بھی حاصل ہوگا کہ کارڈ منسوخ کر دے۔ باوجود ایسی منسوخی کے کارڈ ہولڈر اپنی جانب سے زیادہ نکلوائی گئی رقم کے لئے بمعہ مارک اپ، چارجز، ہرجانہ وغیرہ کے لئے ذمہ دار رہے گا۔

۹۔۳ بینک کسی وِدھ ڈرال/ ٹرانسفر کی رقم اور ایسی ادائیگیاں جو کارڈ کے استعمال سے کی گئی ہوں بمعہ متعلقہ بینک کے چارجز/ مارک اپ وغیرہ بشمول وفاقی یا صوبائی حکومت کی جانب سے عائد کردہ ٹیکسز/ ڈیوٹیز اور اکاؤنٹ میں ایسی انٹریز کو کارڈ ہولڈر کے اکاؤنٹ میں ڈیبٹ کر دے گا اور اکاؤنٹ میں اس طرح کی تمام انٹریز حتمی اور کارڈ ہولڈر کو پابند کرنے والی ہوں گی۔

## ۱۰۔ کُل استعمال

۱۰۔۱ کسی ایک دن میں کی گئی ٹرانزیکشن کی مجموعی رقم ایسی رقوم کے لئے اور ایسی دیگر شرائط سے محدود ہوں گی۔ جیسا کہ بینک کی جانب سے کارڈ ہولڈر کو وقتاً فوقتاً تحریری طور پر مطلع کی ہوں گی جن کا اطلاق ایسے نوٹس کی تاریخ سے ہوگا۔ کارڈ ہولڈر کریڈٹ بیلنس یا اکاؤنٹ کو دی ہوئی (اگر چہ ہو) حد سے زیادہ کے لئے کارڈ سے ٹرانزیکشن میں داخل نہیں ہوگا جیسا کہ وقتاً فوقتاً نافذ کیا گیا ہو۔

10.2 If the Bank is asked to authorise a Transaction, the Bank may take into consideration any other Transactions which have been authorized but which have not been debited to the Account (and any other transactional activities upon the Account) and the limits and other conditions referred to in these Terms and Conditions. If the Bank determines that there are or will be insufficient available funds in the Account to pay the amount that would be due in respect of such a Transaction, the Bank may, in its own absolute discretion, refuse to authorise such Transaction, in which event such a Transaction will not be debited to the Account. The Bank shall not be liable for any loss resulting from any such refusal to authorize any Transaction.

## 11. Insufficient Funds

In the event that there are insufficient funds available in the Account for any Transaction or other amount payable from the Account, including any markup, fees, charges, currency conversion charges, service fee or any other payments due to the Bank, the Bank may in its own absolute discretion (and without any obligation to do so) transfer or arrange the transfer of sufficient funds from any other account held by the Cardholder with the Bank to the Account. In this regard, the Cardholder permits, authorizes and consents to the Bank consolidating, combining or setting off any such credit balances existing in such other accounts against the Transactions charged or to be charged by the Cardholder against the Account.

## 12. Refusal to Accept Card

12.1 The Bank shall not be liable for any loss resulting from the refusal of any retailer, supplier, other bank or card operated machine or any other person or entity to accept use of the Card in connection with any Transaction. No claims of the Cardholder against any retailer or supplier may be the subject of set-off, claim or counterclaim against the Bank.

12.2 The Bank shall not be liable in any way for the quality, quantity, sufficiency, acceptability, merchantability of goods and / or services booked, used or purchased by the Cardholder through the use of the Card or for any breach or non-performance of any Card Transactions by a retailer or supplier. The retailer or supplier shall under no circumstances be regarded as an agent or representative of the Bank and the Bank shall not be responsible or liable in any manner for any acts or omissions or breach of representations on part of the merchant/ retailer.

12.3 In the event of a dispute between the Cardholder and a retailer relating to the Card or a Transaction and/or the Bank or any other person, the Cardholder's liability to the Bank shall not, in any way, be effected or reduced or suspended by such dispute or any counter claim which the Cardholder may have against such retailer or other person.

## 13. Statement

13.1 The Cardholder must check the record of the Transactions from the statement of Account as per the set frequency through internet banking, through a mini statement from an ATM or a statement sent by the Bank to the Cardholder.

13.2 The Cardholder must inform the Bank in writing within fifteen (15) days of a Transaction or issuance of a statement, whichever is later, if any irregularities or discrepancies exist in the Transaction particulars of the Account on any Account statement that the Bank sends to the Cardholder. If the Bank does not receive any information to the contrary within the above fifteen (15) days period, the Bank is entitled to assume that all Transactions are correct and may be treated as conclusive evidence for all purposes.

13.3 In the event that the Card is used at any ATM and the Cardholder receives short payment or no payment despite the Transaction having been successfully executed, he/she must inform the Bank in writing within fifteen (15) working days of the impugned Transaction, otherwise the Bank's statement of Account and records shall be deemed to be conclusive of the matter. Furthermore, in the event the Cardholder uses the Card at any ATM which is not operated by the Bank, then the Bank shall be entitled to rely on the records provided to it by the 1-Link switch and any omission or failure by the Bank to contemporaneously debit the Cardholder's Account for any Transaction by the Cardholder may be completed by the Bank on any subsequent date by direct debit without prior reference to the Cardholder.



۱۰۔۲ اگر بینک سے ٹرانزیکشن کو منظور کرنے کے لئے پوچھا جاتا ہے تو بینک کسی دیگر ٹرانزیکشنز پر غور کر سکتا ہے۔ جس کی اجازت دی گئی ہو۔لیکن وہ اکاؤنٹ میں ڈیبٹ نہ کئے گئے ہوں (اور اکاؤنٹ میں کوئی دیگر ٹرانزیکشن کی کارروائیاں) اور بندشوں اور دیگر شرائط کا حوالہ ان شرائط وضوابط میں دیا ہو۔اگر بینک تعین کرتا ہے کہ رقوم کی ادائیگی کے لئے اکاؤنٹ میں ناکافی فنڈز دستیاب ہیں یا ہوں گے جو ایسے ٹرانزیکشن کے سلسلے میں کافی ہونے چاہئیں۔ بینک اپنی قطعی صوابدید پر ایسے ٹرانزیکشن سے انکار کر سکتا ہے ایسی صورت میں ٹرانزیکشن اکاؤنٹ میں ڈیبٹ نہیں کیا جائے گا۔ بینک کسی مجاز ٹرانزیکشن کے لئے ایسے کسی انکار کے نتیجے میں پیدا ہونے والے کسی نقصان کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

## ۱۱۔ ناکافی فنڈز

اس صورت میں کہ اکاؤنٹ میں کسی ٹرانزیکشن یا اکاؤنٹ سے واجب الادا ادائیگی کے لئے نامناسب فنڈز ہوں۔ بشمول کوئی مارک اپ، فیسیں، چارجز، کرنسی تبدیل کروانے کے چارجز کسی دیگر سروس کی فیس ادائیگی جو بینک کے لئے واجب الادا ہو، بینک کی قطعی صوابدید پر ہے (کہ ایسا کرنے کیلئے کسی اجازت کے بغیر) کارڈ ہولڈر کے بینک کے ساتھ رکھے گئے کسی دوسرے اکاؤنٹ سے فنڈز کی منتقلی کا بندوبست کرے یا منتقل کرلے۔ اس سلسلے میں کارڈ ہولڈر بینک کو اجازت دیتا ہے اختیار دیتا ہے کہ کارڈ ہولڈر کے کسی دوسرے ایسے اکاؤنٹ کے موجودہ کریڈٹ بیلنس سے وصول کرلیا ہو یا ہونے والے ٹرانزیکشنز کے لئے کرلے۔

## ۱۲۔ کارڈ کو قبول کرنے سے انکار

۱۲۔۱ بینک کسی ریٹیلر، سپلائیر دیگر بینک یا کارڈ آپریٹیڈ مشین یا دیگر کسی ادارے یا فرد کی جانب سے کسی ٹرانزیکشن کے سلسلے میں کارڈ کے استعمال کو قبول کرنے سے انکار کی صورت میں ہونے والے کسی نقصان کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔ کارڈ ہولڈر کا کسی ریٹیلر یا سپلائیر کے خلاف کوئی کلیم (دعویٰ) سیٹ آف کا موضوع نہیں ہو سکے گا بینک کے خلاف کلیم یا کاؤنٹر کلیم۔

۱۲۔۲ بینک کسی بھی طرح کارڈ ہولڈر کی جانب سے کارڈ کے استعمال سے قابل فروخت اشیاء کے معیار، مقدار، کفایت، قبولیت اور/ یا بک کی گئی سروسز یا ریٹیلر یا سپلائیر کی جانب سے کارڈ کی کسی ٹرانزیکشن کی خلاف ورزی یا عدم کارکردگی کے لئے ذمہ دار نہیں ہوگا۔ ریٹیلر اور سپلائیر کسی بھی صورت بینک کے ایجنٹ یا نمائندہ تصور نہیں کئے جائیں گے۔ نہ ہی بینک مرچنٹ/ ریٹیلر کی طرف سے کسی فعل یا بھول چوک یا نمائندگی کی معاہدہ شکنی کا ذمہ دار ہوگا۔

۱۲۔۳ کارڈ ہولڈر اور ریٹیلر کے مابین کارڈ یا ٹرانزیکشن سے متعلق تنازعہ کی صورت میں بینک یا دیگر کسی شخص کے لئے کارڈ ہولڈر کی ذمہ داری بینک کے لئے کسی بھی طرح ایسے تنازعہ سے یا کارڈ ہولڈر جو کسی ریٹیلر یا دیگر شخص کے خلاف کاؤنٹر کلیم پر کم یا اثر انداز، یا معطل نہیں ہوگی۔

## ۱۳۔ اسٹیٹمنٹ

۱۳۔۱ کارڈ ہولڈر ATM سے منی اسٹیٹمنٹ کے ذریعے، انٹرنیٹ بینکنگ کے ذریعے یا بینک کی جانب کارڈ ہولڈر کو بھیجے گئے اکاؤنٹ کے اسٹیٹمنٹ سے ٹرانزیکشنز کا ریکارڈ ضرور چیک کرے متعین وقت پر۔

۱۳۔۲ کارڈ ہولڈر ٹرانزیکشن کے پندرہ دنوں کے اندر یا اسٹیٹمنٹ کے اجراء پر بینک کو مطلع کرے گا جو بھی بعد میں ہوا گر اکاؤنٹ کے اسٹیٹمنٹ میں اکاؤنٹ ٹرانزیکشن کے کوائف میں کوئی بے ضابطگی یا غلطی موجود ہو جو کہ بینک نے کارڈ ہولڈر کو بھیجا ہو۔ اگر بینک کو مذکورہ بالا پندرہ دنوں کے اندر اندر اس کے خلاف کوئی اطلاع موصول نہیں ہوتی ہے۔ تو بینک حق بجانب ہوگا اور یہ تصور کرنے پر کہ تمام ٹرانزیکشنز درست ہیں اور اسے تمام مقاصد کے لئے ثبوت شمار کیا جائے گا۔

۱۳۔۳ اس صورت میں کہ کارڈ کسی اے ٹی ایم پر استعمال ہوا ہو اور کارڈ ہولڈر نے کم رقم کی ادائیگی وصول کی ہو یا بالکل ادائیگی نہ ہوئی ہو باوجود اس کے کہ ٹرانزیکشن کی کامیاب تعمیل ہوگئی۔ وہ بینک کو متنازعہ ٹرانزیکشن کے بارے میں پندرہ کام کے دنوں میں تحریری طور پر مطلع کرے گا۔ بصورت دیگر بینک کے اکاؤنٹ کا اسٹیٹمنٹ اور ریکارڈ فیصلہ کن سمجھا جائے گا۔ مزید یہ کہ کارڈ ہولڈر کا کسی اے ٹی ایم پر کارڈ کے استعمال کرنے کی صورت میں جو بینک کی جانب سے چل نہیں رہی تھی تب بینک 1 لنک سوئچ کی جانب سے اسے فراہم کردہ ریکارڈ پر بھروسہ کرے گا اور بینک کی جانب سے کوئی غلطی یا خرابی بیک وقت ڈیبٹ کرنے کی اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے کسی ٹرانزیکشن کے لئے اکاؤنٹ ہولڈر کے اکاؤنٹ بینک کی جانب سے کسی بعد کی تاریخ پر کارڈ ہولڈر کو بغیر رجوع کیئے براہ راست ڈیبٹ کرکے مکمل کرلے گا۔

## 14. Cancellation of Transactions and Errors in Transaction

14.1 A Transaction cannot be cancelled by the Cardholder after it has been completed.

14.2 In case a Cardholder uses the Card at an ATM and the Cardholder's Account is debited and cash not distributed or disbursed short, the Cardholder will be required to submit a claim for the amount of the respective Card Transaction with the Bank and the Bank will reverse the claimed amount only after verification of such amount for the subject Card Transaction from the ATM and the respective bank whose ATM was used.

14.3 In the event of any other disputed Transaction, the Cardholder must send a written intimation, with details of the dispute, to the Bank within fifteen (15) days from the date of the disputed Transaction. If such a written intimation is not received by the Bank within fifteen (15) days of the disputed Transaction, the said Transaction will be deemed to be authentic and the Customer shall be liable for the Transaction.

## 15. Posting

15.1 Subject to these Terms and Conditions, the Bank will normally debit Card Transaction amount to the Account as soon as the Bank receives advice electronically or otherwise from the Retailer or POS merchant in connection therewith, provided that the Bank will not be liable for any loss resulting from any delay in doing so.

15.2 The Cardholder agrees to reimburse the Bank for any amounts that are due from the Cardholder for Transactions authorized by him/her even after closing of the relevant Account.

## 16. Refund

If a retailer or supplier makes a refund by means of a Transaction the Bank will only credit the Account when and if it receives the retailer or supplier's proper instructions to do so, as well as the funds in respect of such refund, provided that the Bank will not be responsible for any loss resulting from any delay in receiving such instructions and funds.

## 17. Promotions

Without prejudice to the foregoing, the Bank may, from time to time and at its sole discretion, promote the goods or services of certain specified companies ("Affiliates") amongst all or any of its Cardholders. If such a promotion is made available to the Cardholder and the Cardholder avails the promotion, the Cardholder agrees that in addition to these Terms and Conditions, the Cardholder will abide by the Terms and Conditions of the promotion as stipulated by the Affiliates, in consultation with the Bank. Such a promotion may be withdrawn at any time without any notice to the Cardholder.

## 18. Termination & Suspension

18.1 In order for the Cardholder to terminate the Agreement comprised in these Terms and Conditions, in respect of the Card, the Cardholder must notify the Bank in writing, cut the Card in half through the magnetic strip and return the Card to the Bank. Such termination shall be effective, subject to the provisions of these Terms and Conditions and upon receipt by the Bank of such notice of termination by the Cardholder.

18.2 The Bank is authorized to suspend Transactions linked with the Card and suspend the Card at any time, without prior notice to the Cardholder and without assigning any reason thereof.

18.3 The Bank may suspend, withdraw or terminate the Card and cancel the Card without assigning any reason thereof and without affecting the Cardholder's liabilities and obligations to the Bank. The Cardholder further accepts that no prior notice will be required to be given by the Bank for such suspension/ withdrawal/ cancellation and retention of the Card by the ATM and refusal by the ATM to honour instructions through the Card may be construed as a withdrawal/ cancellation of the Card, unless confirmed otherwise by the Cardholder from the Bank.

## 19. Terms and Conditions to Remain in Full Force and Effect

These Terms and Conditions, shall be deemed to remain in full force and effect if and in so far as any Transaction is completed but not debited to the Account prior to termination thereof.



## ۱۴۔ ٹرانزیکشن کی منسوخی اور ٹرانزیکشن میں غلطی

۱۴۔۱ کارڈ ہولڈر کی جانب سے ٹرانزیکشن مکمل ہونے کے بعد منسوخ نہیں کی جاسکتی۔

۱۴۔۲ اس صورت میں کہ کارڈ ہولڈر اے ٹی ایم میں کارڈ استعمال کرتا ہے اور کارڈ ہولڈر کا اکاؤنٹ ڈیبٹ ہو جاتا ہے اور کیش نہیں نکلتا ہے یا کم نکلتا ہے۔ کارڈ ہولڈر کے لئے ضروری ہوگا کہ بینک کو متعلقہ کارڈ کی ٹرانزیکشن کی رقم کا کلیم پیش کرے اور بینک کلیم کی گئی رقم اے ٹی ایم سے اور متعلقہ بینک جہاں اے ٹی ایم استعمال کی گئی تھی متذکرہ کارڈ کی ٹرانزیکشن کے لئے ایسی رقم کی تصدیق کے بعد واپس کردے گا۔

۱۴۔۳ کسی دیگر متنازعہ ٹرانزیکشن کی صورت میں کارڈ ہولڈر تنازعہ کی تفصیلات کے ساتھ متنازعہ ٹرانزیکشن کی تاریخ سے 15 دن کے اندر اندر تحریری اطلاع بینک کو بھیجے گا۔ اگر ایسی تحریری اطلاع بینک کو اس متنازعہ ٹرانزیکشن کے بارے 15 دنوں کے اندر موصول نہیں ہوتی تو متذکرہ ٹرانزیکشن صحیح تصور کی جائے گی اور کسٹمر ٹرانزیکشن کیلئے ذمہ دار ہوگا۔

## ۱۵۔ پوسٹنگ

۱۵۔۱ ان شرائط وضوابط سے مشروط بینک عام طور سے اکاؤنٹ کو ٹرانزیکشن کی رقم سے ڈیبٹ کردے گا جیسے ہی بینک کو اس سلسلے میں ریٹیلر یا POS مرچنٹ سے برقی یا دیگر ذرائع سے ہدایات وصول ہوں۔ اس مفروضے پر کہ بینک ایسا کرنے میں کسی تاخیر کے نتیجے میں ہونے والے کسی نقصان کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

۱۵۔۲ کارڈ ہولڈر بینک کو رقوم جو کارڈ ہولڈر اس کی جانب مجاز ٹرانزیکشن کے لئے واجب الادا ہوں واپس کرنے پر رضامند ہے متعلقہ اکاؤنٹ کے بند ہونے کے بعد بھی۔

## ۱۶۔ ریفنڈ

اگر ریٹیلر یا سپلائیر ٹرانزیکشن کے ذریعے ریفنڈ بناتا ہے بینک صرف اکاؤنٹ میں کریڈٹ کرے گا جب یہ ریٹیلر یا سپلائیر کی ایسا کرنے کی ہدایات وصول ہوگی ساتھ ہی ایسے ریفنڈ سے متعلق فنڈز وصول ہوں گے۔ اس مفروضے پر کہ بینک ایسی ہدایات اور فنڈ وصول ہونے میں کسی تاخیر کے نتیجہ میں ہونے والے نقصان کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

## ۱۷۔ پروموشنز

مذکورہ بالا بغیر کسی جانبداری کے بینک وقتاً فوقتاً اپنی قطعی صوابدید پر مخصوص کمپنیوں (الحاق شدہ) کی گڈز یا سروسز کو تمام کارڈ ہولڈرز یا کسی کارڈ ہولڈرز کے مابین پروموٹ کرسکتا ہے۔ اگر ایسی پروموشن کارڈ ہولڈر کے لئے دستیاب ہوتی ہے اور کارڈ ہولڈرز پروموشن کو حاصل کرتا ہے۔ کارڈ ہولڈر متفق ہے کہ ان شرائط وضوابط کے علاوہ، کارڈ ہولڈر بینک کی مشاورت سے الحاق کمپنیوں کی مقررہ کردہ شرائط وضوابط پر کاربند رہے گا۔ ایسی پروموشن کارڈ ہولڈر کو نوٹس دیئے بغیر کسی بھی وقت واپس لی جاسکتی ہے۔

## ۱۸۔ منسوخی اور معطلی

۱۸۔۱ ان شرائط وضوابط پر مشتمل معاہدہ کو منسوخ کرنے کے لئے کارڈ ہولڈر بینک کو تحریری طور پر مطلع کرے گا۔ کارڈ کو دو حصوں میں مقناطیسی پٹی کے درمیان سے کاٹ کر بینک کو واپس کرے گا۔ ایسی منسوخی ان شرائط و ضوابط سے مشروط و موثر ہوگی اور کارڈ ہولڈر کی جانب سے ایسے منسوخی کے نوٹس کی وصولی پر سروس منسوخ ہوجائے گی۔

۱۸۔۲ بینک کارڈ سے منسلک ٹرانزیکشن معطل کرنے کیلئے بااختیار ہے اور کارڈ ہولڈر کو پیشگی نوٹس دیئے بغیر اور اس کے لئے کوئی وجہ بتائے بغیر کارڈ معطل کرسکتا ہے۔

۱۸۔۳ بینک کارڈ کو معطل، وودھڈرا (واپس) یا منسوخ کرسکتا ہے اور اس کی وجہ بتائے بغیر اور کارڈ ہولڈر کی بینک کے لئے ذمہ داریوں اور فرض کو متاثر کیے بغیر کارڈ منسوخ کرسکتا ہے۔ کارڈ ہولڈر مزید تسلیم کرتا ہے کہ ایسی معطلی، واپس لینے اور منسوخی کے لئے بینک کی جانب پیشگی نوٹس دینا ضروری نہ ہوگا اور اے ٹی ایم کی جانب سے کارڈ کی واپسی اور اے ٹی ایم کی جانب سے انکار۔ جب تک کہ کارڈ ہولڈر اس کے برعکس بینک سے تصدیق نہیں کرلیتا۔

## ۱۹۔ شرائط وضوابط پُر زور طریقے سے جاری وساری رہیں گے اور موثر ہوں گے

یہ شرائط وضوابط پُر زور طریقے سے جاری وساری اور موثر رہیں گے۔ اگر کوئی ٹرانزیکشن ہو لیکن اکاؤنٹ ڈیبٹ نہ ہوا ہو اس کی منسوخی سے قبل۔

## 20. Post Termination

Termination of these Terms and Conditions shall not prejudice any liability in respect of things done or omitted to be done prior to termination thereof.

## 21. Liability of Parties

21.1 The Bank shall not be liable to the Cardholder for any loss suffered as a result of the Bank being prevented from or delayed in providing any banking or other services to the Cardholder due to strikes, industrial action, failure of power supplies, systems or equipment, start of day or end of day activity or any other causes beyond the Bank's control. The Bank shall not be liable in any manner for any accidental death, injury, property damage or any other loss or damage that may be sustained by the Cardholder in using the Card at the ATM rooms or locations and it is agreed that the Cardholder shall use the Card entirely at his/her own risk, cost and consequences.

21.2 The Cardholder has no claim to any compensation from the Bank if use of the Card is not possible due to technical malfunctions and operations failures or any other reasons whatsoever and the Bank excludes all liabilities for all losses or damages suffered by the Customer for not being able to use the Card.

21.3 Whenever the Card is used by the Cardholder for payment of any utility or other bills, the Cardholder shall remain solely liable for any penalty, cost or surcharge which may be levied by the utility or service provider for late payment or any other reason, irrespective of whether the Cardholder provided adequate notice and proper details to the Bank.

21.4 The Cardholder will be liable for all losses or costs incurred by the Bank as a result of any breach by the Cardholder of the Terms and Conditions contained herein and shall reimburse to the Bank all such costs on the Bank's first demand.

21.5 The Cardholder accepts that all Transactions shall be binding jointly and severally on all joint Account Holders.

21.6 The Bank shall not be liable for insufficiency or inaccuracy of the information given/ received through the Card and the Bank reserves its right to update and vary such information from time to time and at any time.

## 22. Change of Terms and Conditions

22.1 These Terms and Conditions and any charges relating thereto may be changed by the Bank at its sole option at any time and from time to time by notice (whether general, specific or by publication in the Bank's Schedule of Charges) to the Cardholder(s).

22.2 Any such changes will be effective from the date stated on the notice or Schedule of Charges or such later date as may be expressly specified therein by the Bank. However, any charges or fees due to the bank card associations in respect of the use of the Card and any variations thereto made by the relevant bankcard association shall be solely to the Cardholder's Account only, in accordance with the time period specified by such bankcard association and the Bank shall not be liable for same.

22.3 The Bank may (but shall not be obliged to) record the telephone instructions in writing and/or by tape recording and/or other method and such record of any instruction shall be conclusive and binding on the Cardholder. The Bank may in addition require the Cardholder to execute such other documents as may relate to the services or to any such instructions given by the Cardholder and the Cardholder shall execute all such documents as may be required by the Bank in this regard.

## 23. Disclosure

The Cardholder / Account Holder authorises the Bank to disclose any information in relation to the Cardholder and Account to companies within the Bank's group of companies, third party processors, third party service providers and/or card personalization firms utilised by the Bank from time to time. Such information shall include but not be limited to the Cardholder's / Account Holder's details, the Card, the Account and any Transaction as the Bank considers in its sole opinion to be necessary or desirable. The Bank may also disclose such information in relation to the Cardholder / Account Holder, the Card, the Account or any Transaction to any person or entity, as may be required by law, practice or usage.



## ۲۰۔ پوسٹ ٹرمینیشن

ان شرائط وضوابط کی منسوخی سے قبل کی چیزوں یا غلطیوں اور بھول چوک سے متعلق کسی ذمہ داری سے چھوٹ نہیں ہوگی۔

## ۲۱۔ فریقین کی ذمہ داری

۲۱۔۱ بینک کارڈ ہولڈر کے لئے کسی نقصان کا ذمہ دار نہیں ہوگا جو کہ بینک کارڈ ہولڈر کو کسی بینکنگ یا دیگر سروسز ہڑتالوں، صنعتی اعمال، پاور سپلائی کی خرابی، سسٹم اور ایکیوپمنٹ کی وجہ سے فراہم نہ کرسکے یا تاخیر سے فراہم کریں۔ دن کے آغاز پر یا دن کے اختتام کی کاروائی یا دیگر اسباب جو بینک کے کنٹرول سے باہر ہوں۔ بینک کسی بھی طرح کسی اتفاقی موت، چوٹ، پراپرٹی کے نقصان یا اور دیگر نقصان جو کارڈ ہولڈر کو اے ٹی ایم روم یا دیگر مقامات پر کارڈ کے استعمال پیش آئیں۔ یہ بھی طے ہے کہ کارڈ ہولڈر کارڈ خود اپنی قطعی ذمہ داری ولاگت اور نتائج پر استعمال کرے گا۔

۲۱۔۲ کارڈ ہولڈر بینک سے کسی معاوضے کا مطالبہ نہیں کرے گا اگر تکنیکی خرابی یا آپریشن میں خرابی یا کسی دیگر وجوہات کی وجہ سے کارڈ کا استعمال ممکن نہ ہو۔ اور بینک کے کارڈ کو نہ استعمال کرنے پر صارف کو پہنچنے والے نقصان یا ہرجانے سے بری الزمہ ہوگا۔

۲۱۔۳ جب کبھی کارڈ ہولڈر کی جانب سے کارڈ کسی یوٹیلیٹی یا دیگر بلوں کی ادائیگی کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ اور یوٹیلیٹی سروس فراہم کرنے والے کو لیٹ پیمنٹ (تاخیری ادائیگی) کے لئے کارڈ ہولڈر کسی جرمانہ، لاگت، سرچارج کی ادائیگی کا ذمہ دار رہے گا۔ اس سے قطع نظر کہ کارڈ ہولڈر نے بینک کو مناسب نوٹس اور درست تفصیلات فراہم کی ہوں۔

۲۱۔۴ کارڈ ہولڈر بینک کو پیش آنے والے تمام نقصانات یا لاگتوں کے لئے ذمہ دار ہوگا جو کارڈ ہولڈر کی جانب سے ان مشتمل شرائط وضوابط کی خلاف ورزی کی وجہ سے ہو۔ اور وہ بینک کو ایسی تمام لاگتیں بینک کے پہلے مطالبے پر ادا کرے گا۔

۲۱۔۵ کارڈ ہولڈر تسلیم کرتا ہے کہ تمام ٹرانزیکشنز مشترکہ یا الگ الگ ہوں سب جوائنٹ اکاؤنٹ ہولڈرز کی ذمہ داری ہوگی۔

۲۱۔۶ کارڈ کے ذریعے دی گئی/ موصولہ معلومات کی غلط اور ناکافی ہونے کے لئے بینک ذمہ دار نہیں ہوگا اور بینک وقتاً فوقتاً یا کسی وقت اسے اپ ڈیٹ کرنے اور ایسی معلومات میں رد و بدل کے لئے اپنا حق محفوظ رکھتا ہے۔

## ۲۲۔ شرائط وضوابط کی تبدیلی

۲۲۔۱ یہ شرائط وضوابط اور اس سے متعلق کوئی تبدیلی بینک کے اپنے قطعی اختیار میں ہے کہ کسی بھی وقت اور وقتاً فوقتاً تبدیلی کرسکتا ہے نوٹس کے ذریعہ سے (خواہ عام یا مخصوص یا بینک کے شیڈول آف چارجز کی اشاعت سے) کارڈ ہولڈر کو۔

۲۲۔۲ ایسی تبدیلیاں نوٹس یا بینک کے شیڈول آف چارجز پر دی گئی تاریخ پر یا بینک کی جانب سے مابعد کسی مخصوص تاریخ سے موثر ہوں گی۔ البتہ کارڈ کے استعمال کے متعلق بینک کارڈ ایسوی ایشن کے لئے واجب الادا چارجز اور فیسیں اور ان میں کوئی تبدیلی جو متعلقہ بینک کارڈ ایسوی ایشن کی جانب سے کی جائے گی قطعی طور پر صرف کارڈ ہولڈر کے اکاؤنٹ پر ہوگی جیسا کہ اس بینک کارڈ ایسوی ایشن کی جانب سے مدت مقرر کی گئی ہو اور بینک اس کے لئے ذمہ دار نہیں ہوگا۔

۲۲۔۳ بینک ٹیلی فون پر دی گئی ہدایات تحریری طور پر اور/ یا ٹیپ ریکارڈنگ کے ذریعے اور/ یا کسی اور طریقے سے (تاہم پابند نہیں ہوگا) ریکارڈ کرسکتا ہے۔ یہ ہدایات حتمی ہوں گی اور کارڈ ہولڈر اس کا پابند ہوگا۔ مزید یہ کہ بینک کارڈ ہولڈر سے سروس سے متعلقہ دیگر دستاویزات کی تکمیل یا کارڈ ہولڈر کی جانب سے دی گئی ہدایات طلب کرسکتا ہے اور اس سلسلے میں کارڈ ہولڈر کو یہ دستاویزات پُر کرنی ہوں گی۔

## ۲۳۔ انکشاف

کارڈ ہولڈر/ اکاؤنٹ ہولڈر بینک کو اختیار دیتا ہے کہ کارڈ ہولڈر اور اکاؤنٹ سے متعلق کسی معلومات کو بینک گروپ کی کمپنیوں، تھرڈ پارٹی پروسیسر، تھرڈ پارٹی سروس پروائیڈرز اور/ یا بینک کی جانب سے وقتاً فوقتاً استعمال کی گئی مشخص فرمز پر ظاہر کرے۔ ایسی معلومات میں کارڈ ہولڈر کے کوائف، کارڈ، اکاؤنٹ اور کسی ٹرانزیکشن کے بارے میں ہوں گی، جیسا کہ بینک خیال کرتا ہے کہ یہ اس کے قطعی اختیار میں ہوگا۔ بینک کارڈ ہولڈر سے متعلق ایسی معلومات کارڈ، اکاؤنٹ اور کسی ٹرانزیکشن کے بارے میں کسی شخص، ادارے جیسا کہ قانون، طریقہ یا استعمال کے تحت ضروری ہو ظاہر کرسکتا ہے۔

## 24. Indemnity

The primary Cardholder / Account Holder hereby indemnifies and holds the Bank harmless against any or all losses, damages, claims, costs or expenses which the Bank suffers or sustains as a consequence of the Cardholder / Account Holder being in breach of these conditions or the Terms and Conditions governing the Account or the Cardholder using or permitting the use of the Card for any Transaction, whether illegal, unauthorised or otherwise. In this regard, in the event of the Cardholder's death, the Bank should be notified immediately by the Cardholder's next of kin or successors for blockage of the Account and the Card shall be promptly returned to the Bank for cancellation. Any Transactions made on the Card prior to the date of suspension of the Account using the Card will be charged to the Cardholder's Account and this shall continue until such notice of death is received in writing by the Bank. The Bank shall not be responsible for any losses resulting from and delay in such suspension being made effective. Pending provision of a succession certificate by the successors of the Cardholder or such other document as the Bank may specify, the Cardholder's Account will remain frozen. The Cardholder should never disclose the PIN/Passwords or other personal confidential information on call, by email/ SMS. The Cardholder agrees to immediately inform the Bank of any phishing, spoofing or hacking activity(ies) suspected by the Cardholder in relation to the Card or services thereto which form part of these Terms and Conditions. In the event the Cardholder fails to inform the Bank of such activity(ies), if suspected, the Cardholder shall indemnify the Bank against all losses, claims, costs and expenses suffered or sustained by the Cardholder.

## 25. SMS/ADC Alerts Service

The Cardholder shall be provided SMS alerts or such other alerts through alternate delivery channel(s) ("Alerts") in respect of Transactions made by the Cardholder to the Cardholder's Registered mobile number(s). All information pertaining to the Account(s) and/or Transactions shall be provided automatically from time to time through Alerts and shall be entirely at the risk and responsibility of the Cardholder.

## 26. eStatements

The Cardholder shall be able to view or download any eStatement issued under alternate delivery channel services. The Cardholder acknowledges that the eStatement will be electronically viewed or downloaded (as the case may be) at the entire risk and responsibility of the Cardholder.

## 27. Link Account(s) disclaimer

The Cardholder understands and accepts the liability if the Cardholder requests the Bank to link more than one of accounts maintained with the Bank to a Card. The Cardholder accepts and acknowledges that linking more than one account to a Card exposes all of the linked accounts to the risk of loss, theft or misuse of a Card and/or Account.

## 28. Contact Details

On notification by the Cardholder / Account Holder, either by telephone or in writing, to the authorized office/representative of the Bank conveying fresh or amended contact details in respect of the Account, Card and/or Cardholder / Account Holder, the Bank shall be authorized to update its record by amending the previous particulars in accordance with the updated particulars notified to the Bank.

## 29. Governing Law

These Terms and Conditions are subject to the rules and regulations, circulars and directives of the State Bank of Pakistan (as may be applicable from time to time) and will be governed by the substantive and procedural laws of the Islamic Republic of Pakistan. The courts in Pakistan will have exclusive jurisdiction. Proceeds of the balance shall be sent by Payment Order to the Account Holder's address.



## ۲۴۔ تلافی

پرائمری کارڈ ہولڈر/ اکاؤنٹ ہولڈر یہاں ذمہ داری لیتا ہے کہ بینک کو کسی یا تمام نقصانات، دعوؤں، لاگتوں اور اخراجات سے محفوظ رکھے گا جو کارڈ ہولڈر/ اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے ان شرائط وضوابط یا اکاؤنٹ کے شرائط وضوابط یا کارڈ ہولڈر کا استعمال یا کسی ٹرانزیکشن کے لئے کارڈ کے استعمال کی اجازت خواہ غیر قانونی وغیر مجاز و دیگر ہونے کی وجہ سے بینک کو پیش آئیں۔ اس سلسلے میں کارڈ ہولڈر کی وفات کی صورت میں کارڈ ہولڈر کے قریبی رشتہ دار یا جانشین کی جانب سے بینک کو فوری طور پر اکاؤنٹ بند کرنے کے لئے مطلع کیا جائے گا اور کارڈ بینک کو منسوخی کے لئے واپس کیا جائے گا۔ اکاؤنٹ کی معطلی سے قبل کارڈ پر کی گئی کوئی ٹرانزیکشن کارڈ ہولڈر کے اکاؤنٹ سے وصول کی جائے گی اور یہ جاری رہے گا جب تک کہ بینک کو وفات کا ایسا نوٹس تحریری طور پر موصول نہیں ہو جاتا۔ بینک ایسی معطلی میں تاخیر کے نتیجے میں ہونے والے کسی نقصان کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔ کارڈ ہولڈر کے وارثین کی جانب سے وراثت کی سند یا دیگر دستاویز جو کہ بینک واضح کرے کی فراہمی میں تاخیر/ التوا تک کارڈ ہولڈر کا اکاؤنٹ منجمد رہے گا۔ کارڈ ہولڈر پن/ پاس ورڈ یا ذاتی خفیہ معلومات کو کال پر، ای۔میل/ ایس ایم ایس پر ظاہر نہیں کرے گا۔ کارڈ ہولڈر متفق ہے کہ کارڈ یا سروس کے متعلق کارڈ ہولڈر کی جانب سے کسی مشتبہ فشنگ اسپوفنگ یا ہیکنگ سرگرمیوں سے بینک کو فوراً مطلع کرے جو کہ ان شرائط وضوابط کا حصہ ہے۔ اگر کارڈ ہولڈر بینک کو ایسی سرگرمیوں کے بارے میں مطلع کرنے میں ناکام رہتا ہے اگر شک ہو تو کارڈ ہولڈر بینک کو تمام نقصانات، دعوؤں، لاگتوں اور اخراجات سے محفوظ رکھے گا جو کارڈ ہولڈر کی جانب سے پیش آئے ہوں۔

## ۲۵۔ ایس ایم ایس/ اے ڈی سی الرٹس سروس

کارڈ ہولڈر کی جانب سے کئے گئے ٹرانزیکشن کے سلسلے میں کارڈ ہولڈر کے رجسٹرڈ موبائل نمبرز پر کارڈ ہولڈر کو ایس ایم ایس الرٹس یا ایسے دیگر الرٹس متبادل ڈیلیوری چینلز (الرٹس) کے ذریعے فراہم کئے جائیں گے۔ اکاؤنٹس اور/ یا ٹرانزیکشنز کے لئے تمام معلومات الرٹس کے ذریعے وقتاً فوقتاً خودکارانہ طور پر فراہم کئے جائیں گے جسکی قطعی طور پر امکانی خطرہ اور ذمہ داری کارڈ ہولڈر پر ہوگی۔

## ۲۶۔ ای اسٹیٹمنٹس

کارڈ ہولڈر، آلٹرنیٹ ڈیلیوری چینل سروسز کے ذریعے جاری کردہ کوئی بھی ای۔اسٹیٹمنٹ دیکھ سکتا ہے یا ڈاؤن لوڈ کر سکتا ہے۔ کارڈ ہولڈر تسلیم کرتا ہے کہ ای۔اسٹیٹمنٹ مکمل طور پر کارڈ ہولڈر کے اپنے رسک اور ذمہ داری پر الیکٹرونیکلی دیکھا یا ڈاؤن لوڈ کیا جائے گا (جیسی بھی صورتحال ہو)۔

## ۲۷۔ لنک اکاؤنٹس دستبرداری

کارڈ ہولڈر سمجھتا ہے اور ذمہ داری قبول کرتا ہے۔ اگر کارڈ ہولڈر بینک سے ایک سے زیادہ مینٹینڈ اکاؤنٹس کارڈ سے لنک کرنے کی استدعا کرتا ہے تو کارڈ ہولڈر تسلیم کرتا ہے کہ کارڈ کے لئے ایک سے زیادہ اکاؤنٹ لنک کرنے سے تمام لنکڈ اکاؤنٹس کو نقصان، چوری یا کارڈ کے غلط استعمال ہونے کو کھلا چھوڑتا ہے۔

## ۲۸۔ رابطہ کی تفصیلات

کارڈ ہولڈر/ اکاؤنٹ ہولڈر بینک کے بااختیار آفس/ نمائندے کو مطلع کرنے پر خواہ ٹیلی فون پر یا تحریری طور پر اکاؤنٹ کے بارے میں نئی یا ترمیم شدہ رابطے کی تفصیلات دی گئی ہوں۔ بینک کو اختیار ہوگا کہ کارڈ، کارڈ ہولڈر/ اکاؤنٹ ہولڈر کے سابقہ کوائف میں ترمیم کرتے ہوئے اپنا ریکارڈ نئی ترامیم کے مطابق درست کرے۔

## ۲۹۔ اطلاق قانون

یہ شرائط وضوابط اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے رولز اینڈ ریگولیشنز، سرکلرز اور ہدایات سے مشروط ہیں (جیسا کہ وقتاً فوقتاً قابل اطلاق ہوں) اور اسلامی جمہوریہ پاکستان کے ٹھوس طریق عمل قوانین کے مطابق متعین ہونگے۔ پاکستان میں عدالتوں کے مطلق دائرہ اختیار میں ہوگا۔ بیلنس کی پروسیڈز کو پیمنٹ آرڈر کے ذریعے اکاؤنٹ ہولڈر کے پتے پر بھیجا جائے گا۔

# E-Statement

1. The eStatement will be sent electronically to the assigned email address provided by the Account Holder.
2. The Account Holder hereby unconditionally agrees to accept the eStatement mailed to the designated email address as correct. Any errors or exception noted in the eStatement shall be reported to the Bank within 45 days of issuance of eStatement otherwise the same shall be considered as correct.
3. The Account Holder shall advise the Bank in writing, in case change in email address or discontinuation of eStatement is required. In the absence of such advice, the Bank holds no responsibility of non-receipt of eStatement by the Account Holder.
4. The eStatement will be electronically sent at the Account Holder's request and at the entire risk and responsibility of the Account Holder.
5. The Bank shall not be liable for improper, incomplete or non-delivery of eStatement in case email is returned due to email attachment policy at Account Holder's end or inactivated email account etc.
6. The Bank does not guarantee that the integrity of the email has been maintained or that the communication will be free of viruses, interception or interference. The Account Holder accepts that the Bank does not warrant against any external factors affecting the privacy and/ or security of the emails during internet transmission.
7. Account Holder shall use the eStatement or its printed version as information for his personal record and shall not submit this for any legal requirement or for submission of it to visa granting authorities or admission in higher educational institution or any other usage. If needed Account Holder may request for hard copy of statement of account from Branch.
8. The Bank shall not be held responsible for any loss or damages resulting to the Account Holder on account of any delay, inaccurate or incorrect transmission or unauthorized access to the eStatement services.
9. The Bank at its discretion may impose additional conditions prior to acceptance of eStatement issuance request or activating its issuance. The Bank reserves the right to temporarily suspend the facility as deemed necessary.
10. The Bank reserves the right to make necessary changes as and when required in these terms and conditions, such changes will be displayed at the website or advised by email notification.
11. The Account Holder agrees to receive and accept periodical notices related to the Account(s) and/ or regulatory information sent by the Bank to Account Holder's email address.
12. The Account Holder is responsible for security of password of email. The Bank will not be liable of any undesirable event such as data corruption or unauthorized amendment of the information so given, Link down, email hackings, unwanted emails, and misuse of email address, delay and interruption whatsoever.
13. The Account Holder confirms that the statement of account will be under the custody of designated employee/ staff or Director of the company and agrees to keep the Bank indemnified and harmless against any/all liabilities, losses, claims, damages, costs or expenses which the Bank may incur or suffer as a result of the unauthorized use, misuse or loss of the statement of account sent to the given email address in the Account Opening Form.

# ای۔اسٹیٹمنٹ

۱۔ ای۔اسٹیٹمنٹ اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے فراہم کی ہوئی متعین کردہ ای۔میل ایڈریس پر الیکٹرونکلی بھیجی جائے گی۔

۲۔ اکاؤنٹ ہولڈر یہاں غیر مشروط طور پر مقررہ ای۔میل ایڈریس پر بھیجی گئے ای۔اسٹیٹمنٹ کو درست تسلیم کرنے پر متفق ہے۔ای۔اسٹیٹمنٹ میں کسی غلطیوں یا اعتراض کی اطلاع بینک کو ای۔اسٹیٹمنٹ کے اجراء سے 45 دن کے اندر اندر دی جائے گی۔بصورت دیگر اسے درست تصور کیا جائے گا۔

۳۔ اکاؤنٹ ہولڈر ای۔میل ایڈریس میں تبدیلی کی صورت میں یا ای۔اسٹیٹمنٹ کو منقطع کرنے کے بارے میں بینک کو تحریری طور پر مطلع کرے گا۔ایسی اطلاع کی عدم موجودگی میں بینک اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے ای۔اسٹیٹمنٹ کی عدم وصولی کی ذمہ داری نہیں اُٹھاتا۔

۴۔ ای۔اسٹیٹمنٹ اکاؤنٹ ہولڈر کی درخواست پر اور اکاؤنٹ ہولڈر کے قطعی خطرہ کے امکان اور ذمہ داری پر الیکٹرونکلی بھیجا جائے گا۔

۵۔ بینک ای۔اسٹیٹمنٹ کی نادرست، نامکمل یا عدم ڈیلیوری کے لئے ذمہ دار نہیں ہوگا اُس صورت میں کہ ای میل اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب لگانے جوڑنے کی پالیسی کی وجہ سے یا غیر متحرک ای میل اکاؤنٹ وغیرہ ہونے پر ای میل واپس آجاتا ہے۔

۶۔ بینک ضمانت نہیں دیتا ہے کہ ای میل کی راز داری مینٹین کی گئی ہے یا کہ کیمونیکیشن وائرسز، رکاوٹ یا مداخلت سے پاک ہوں گی۔اکاؤنٹ ہولڈر تسلیم کرتا ہے کہ بینک کسی بیرونی عوامل جو انٹرنیٹ ٹرانسمیشن کے دوران ای۔میل سیکیوریٹی پر اثر انداز ہوں ذمہ دار نہیں ہوگا۔

۷۔ اکاؤنٹ ہولڈر ای۔اسٹیٹمنٹ یا اس کا پرنٹیڈ ورژن اپنے ذاتی ریکارڈ کے استعمال کے لئے کرے گا اور اسے کسی قانونی ضرورت یا ویزا منظور کرنے والی اتھارٹیز یا اعلیٰ تعلیمی ادارہ میں داخلے کے لئے پیش نہیں کرے گا۔اگر ضرورت ہوا اکاؤنٹ ہولڈر برانچ سے اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ کی ہارڈ کاپی کے لئے درخواست کر سکتا ہے۔

۸۔ بینک اکاؤنٹ ہولڈر کے کسی نقصان یا ہرجانہ کے لئے ذمہ دار نہیں ہوگا جو ای۔اسٹیٹمنٹ سروسز کے لئے کسی تاخیر، غلط اور خراب ٹرانسمیشن یا غیر مجاز رسائی کی وجہ سے ہو۔

۹۔ بینک اپنی صوابدید پر ای۔اسٹیٹمنٹ قبول کرنے سے پہلے اضافی شرائط عائد کر سکتا ہے۔بینک حق محفوظ رکھتا ہے کہ اگر ضروری سمجھے تو سہولت کو عارضی طور پر معطل کر دے۔

۱۰۔ بینک حق محفوظ رکھتا ہے کہ جب اور جیسے ضروری ہو ان شرائط و ضوابط میں ضروری تبدیلیاں کرے۔ایسی تبدیلیوں کو ویب سائیٹ پر آویزاں کیا جائے گا یا ای میل نوٹیفیکیشن کے ذریعے مطلع کیا جائے گا۔

۱۱۔ اکاؤنٹ ہولڈر اکاؤنٹ سے متعلق معیادی نوٹسز وصول اور قبول کرنے پر متفق ہے اور ریگولیٹری انفارمیشن جو بینک کی جانب سے اکاؤنٹ ہولڈر کو ای۔میل کے پتے پر بھیجی جاتی ہیں۔

۱۲۔ اکاؤنٹ ہولڈر ای میل کے پاس ورڈ کی حفاظت کا ذمہ دار ہے۔بینک کسی ناپسندیدہ واقعہ کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔ جیسا کہ دی گئی معلومات میں ڈیٹا کی تبدیلی یا غیر مجاز ترمیم، لنک ڈاؤن۔ای میل ہیکنگ، غیر مطلوبہ ای میلز اور ای میل ایڈریس کا غلط استعمال، تاخیر اور رکاوٹ وغیرہ خواہ کیسا بھی ہو۔

۱۳۔ اکاؤنٹ ہولڈر تصدیق کرتا ہے کہ اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ مقررہ ملازم/ اسٹاف یا کمپنی کے ڈائریکٹر کی تحویل میں رہے گا اور متفق ہے کہ بینک کو تمام ذمہ داریوں، نقصانات، دعوؤں، ہرجانوں، لاگتوں یا اخراجات سے محفوظ رکھے گا جو بینک کو اکاؤنٹ اوپننگ فارم میں دیئے گئے ای میل ایڈریس پر بھیجے اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ کے غیر مجاز استعمال، غلط استعمال یا گم ہونے کے نتیجے میں بینک کو پیش آئیں۔

# SMS Alerts Service

1. The accountholder requests the Bank to provide SMS Alerts ("SMS") in respect of banking transactions pertaining to accounts maintained by the accountholder with the Bank ("Account"). All information pertaining to the Bank and banking products offered by the Bank from time to time through SMS (the "Service"), shall be entirely at the risk and responsibility of the accountholder, and in consideration of the Bank agreeing at its absolute discretion to accept the request, the accountholder shall confirm that all SMS communications may be addressed to the accountholders at the mobile number(s) mentioned as per the subscription form.
2. The accountholder irrevocably agrees and undertakes that the Bank is authorized and instructed to provide the Service, as modified from time to time by the Bank.

# ایس ایم ایس الرٹس سروس

۱۔ اکاؤنٹ ہولڈر درخواست کرتا ہے کہ بینک کے ساتھ اکاؤنٹ سے بینکنگ ٹرانزیکشنز کے سلسلے میں بینک ایس ایم ایس الرٹس (SMS) مہیا کرے۔بینک کی تمام معلومات اور بینک کی جانب سے وقتاً فوقتاً فراہم کی گئی بینکنگ پروڈکٹس ایس ایم ایس (سروس) کے ذریعے پیش کی گئیں وہ قطعاً اکاؤنٹ ہولڈر کے رسک اور ذمہ داری پر ہوں گی اور بینک کے متفق ہونے کے صلے میں جو کہ اس کی صوابدید پر ہے کہ ایسی درخواست کو قبول کرے۔ اکاؤنٹ ہولڈر تصدیق کرتا ہے کہ تمام ایس ایم ایس کیمونیکیشن سبسکرپشن فارم میں دیئے گئے اکاؤنٹ ہولڈر کے فون نمبر (نمبرز) پر ہو سکتی ہیں۔

۲۔ اکاؤنٹ ہولڈر ناقابل تنسیخ طور متفق ہے اور ضمانت دیتا ہے کہ بینک با اختیار ہے اور ہدایت یافتہ ہے کہ بینک سروس مہیا کرے جو کہ وقتاً فوقتاً ترمیم شدہ ہو۔

## RULES / TERMS AND CONDITIONS

3. The accountholder understands that the Bank assumes no responsibility whatsoever for any delay, non-delivery, inaccuracy and/or general failure of the Service and confirms that should the accountholder be dissatisfied with any portion of the Service, the accountholder's sole and exclusive remedy is to discontinue using the Service. The Bank shall not be responsible for any loss, damage or claim sustained by the accountholder as a result of using the Service
4. The accountholder understands that the Bank reserves the right to make a correction to any information conveyed by an SMS in relation to the Services. The accountholder shall immediately inform the Bank of any erroneous information in an SMS so that the Bank may send a corrected SMS
5. The accountholder understands and agrees that the Bank shall not be held responsible in case of any disclosure of the contents of the SMS to any undesired recipients, who are not authorized to know such information.
6. The accountholder acknowledges and places on record that there are inherent problems in verifying the authenticity of SMS transactions, and the Bank shall provide the SMS in an un-encrypted form for the convenience of the accountholder.
7. The Bank may at any time terminate the Service without assigning any reason whatsoever to the accountholder.
8. The accountholder agrees that the Service is chargeable and accountholder agrees to pay the charges levied by the Bank for providing the Service. These charges shall be advised in the Bank's Schedule of Charges, which may be available as posted half-yearly on the Bank's website. If the accountholder wishes to discontinue this Service, the accountholder is required to advise the Bank in writing of this decision, within one month of the imposition of the charges mentioned in Bank's Schedule of Charges. The accountholder is at liberty however, to discontinue this Service at any time by giving one month prior written notice of the same to the Bank.
9. In case of a change in the mobile number mentioned herein and/or the loss of the SIM, the accountholder shall immediately inform the Bank. The accountholder shall inform the Bank forthwith of any unauthorized use of the Service, or any breach of security.
10. The accountholder will indemnify and hold the Bank and its officers harmless against any claims, demands, losses, fines, penalties of damages suffered by the accountholder or any proceedings of actions initiated against the accountholder on account of the use of the Service by the Accountholder and understands that the Bank does not warrant, either expressly or impliedly, that the Service will meet the accountholder's requirements as specified from time to time, or that the Service will be uninterrupted, timely, secure, or error free in any manner or respect. The accountholder further agrees that the Bank or any of its employees or representatives or officers will not be responsible for any direct, indirect or incidental consequences
11. Where the application for SMS Alert Service is jointly signed by persons maintaining joint account on either or survivor basis, the said person shall be jointly bound by these terms & conditions.
12. In case of change in Mobile Network Operator (Port-in), please contact 24/7 Call Center at 111-014-014.
13. I/We confirm having read and understand the Terms & Conditions.

## قوانین/ شرائط وضوابط

۳۔ اکاؤنٹ ہولڈر اس بات کو سمجھتا ہے کہ سروس میں تاخیر، عدم وصولی، غیر درستگی اور عام خرابی کے لئے، خواہ کوئی صورت ہو بینک ذمہ داری نہیں لیتا ہے اور تصدیق کرتا ہے کہ اکاؤنٹ ہولڈر سروس کے کسی حصہ کے ساتھ مطمئن نہ ہو، اکاؤنٹ ہولڈر کا قطعی اور کلی تدارک ہے کہ وہ سروس کے استعمال کو بند کردے۔ بینک اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے سروس کے استعمال کے نتیجے میں پہنچنے والے نقصان یا کلیم کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

۴۔ اکاؤنٹ ہولڈر اس بات کو سمجھتا ہے کہ بینک سروس سے متعلق ایس ایم ایس کے ذریعے دی گئی کسی معلومات میں اصلاح کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ اکاؤنٹ ہولڈر ایس ایم ایس میں کسی غلط معلومات کی اطلاع فوراً بینک کو دے گا تا کہ بینک درست ایس ایم ایس بھیج سکے۔

۵۔ اکاؤنٹ ہولڈر اس بات کو سمجھتا ہے اور متفق ہے کہ ایس ایم ایس کے مندرجات کو کسی غیر مطلوبہ وصول کرنے والے جو ایسی معلومات کو جاننے کا مجاز نہ ہو، کو ظاہر ہونے کی صورت میں بینک کو ذمہ دار نہیں ٹھہرائے گا۔

۶۔ اکاؤنٹ ہولڈر تسلیم کرتا ہے اور ریکارڈ پر لاتا ہے کہ یہاں ایس ایم ایس ٹرانزیکشن کی تصدیق کرنے میں فطری مسائل ہیں اور بینک اکاؤنٹ ہولڈر کی آسانی کے لئے ایس ایم ایس کو اَن۔اِن کرپٹڈ ڈیٹا کی شکل میں مہیا کرے گا۔

۷۔ بینک اکاؤنٹ ہولڈر کو کوئی وجہ بتائے بغیر کسی وقت بھی سروس منسوخ کرسکتا ہے۔

۸۔ اکاؤنٹ ہولڈر اس بات پر متفق ہے کہ سروس پر چارجز لاگو ہیں اور اکاؤنٹ ہولڈر سروس مہیا کرنے کے لئے بینک کی جانب سے عائد کردہ چارجز ادا کرنے پر متفق ہے۔ ان چارجز کی اطلاع بینک کے شیڈول آف چارجز میں کیا جائے گا جو بینک کی ویب سائیٹ پر ششماہی کی بنیاد پر دستیاب ہوسکتے ہیں۔ اگر اکاؤنٹ ہولڈر اس سروس کو ختم کرنا چاہتا ہو تو اکاؤنٹ ہولڈر کے لئے ضروری ہوگا کہ وہ بینک کے چارجز کے شیڈول میں دیئے ہوئے چارجز کے نفاذ کے ایک مہینے کے اندر اندر اپنے فیصلے سے بینک کو تحریری طور پر مطلع کرے۔ اکاؤنٹ ہولڈر کو اختیار ہے تاہم اس سروس کو کسی بھی وقت ختم کردے اس سے پہلے بینک کو اُس کا ایک ماہ پیشتر کا تحریری نوٹس دینے پر۔

۹۔ یہاں بتائے گئے موبائل نمبر میں تبدیلی یا سم کے گم ہونے کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر فوراً بینک کو مطلع کرے گا۔ اکاؤنٹ ہولڈر سروس کے غلط استعمال یا سیکیوریٹی کی خلاف ورزی کے لئے بینک کو فوراً مطلع کرے گا۔

۱۰۔ اکاؤنٹ ہولڈر تلافی کرے گا اور بینک اور اس کے افسران کو کسی دعوؤں، مطالبوں، جرمانوں، ہرجانوں یا نقصانات سے بے ضرر رکھے گا جو اکاؤنٹ ہولڈ کو پیش آئیں یا اکاؤنٹ ہولڈر کے خلاف کسی عدالتی کارروائیوں یا کارروائی میں اکاؤنٹ ہولڈر کو سروس کے استعمال کی مد میں پیش آئیں اور اکاؤنٹ ہولڈر سمجھتا ہے کہ بینک واضح طور پر یا موثر اشارہ کے طور پر بھی اس بات کی ضمانت نہیں دیتا کہ سروس اکاؤنٹ ہولڈر کی ضرورت کو پورا کرے گی جیسا کہ وقتاً فوقتاً بیان کیا گیا ہے یا یہ کہ سروس بنا رکاوٹ، بروقت اور محفوظ ہوگی یا کسی بھی طریقے سے غلطی سے مبرا ہوگی۔ اکاؤنٹ ہولڈر مزید متفق ہے کہ بینک یا اس کے کوئی ملازمین، نمائندگان یا افسران کسی بلواسطہ یا بلاواسطہ یا اتفاقی نتائج کے ذمہ دار نہیں ہوں گے۔

۱۱۔ جہاں ایس ایم ایس سروس کے لئے درخواست مشترکہ اکاؤنٹ رکھنے والے افراد کی جانب سے مشترکہ طور پر دستخط شدہ ہوں کسی ایک یا پسماندہ کی بنیاد پر۔ مذکورہ شخص مشترکہ طور پر ان شرائط وضوابط کا پابند ہوگا۔

۱۲۔ موبائل نیٹ ورک آپریٹر (پورٹ ان) میں تبدیلی کی صورت میں، برائے مہربانی 24/7 کال سینٹر 111-014-014 پر رابطہ کریں۔

۱۳۔ میں/ہم تصدیق کرتے ہیں کہ ان شرائط وضوابط کو پڑھ اور سمجھ لیا ہے۔

## KEY FEATURES

i). The bank shall not refuse opening of accounts for prospective clients who meet the requirements laid out in the Prudential Regulations, other instructions issued by SBP from time to time and banks' own policies.

ii). The services rendered by bank for the opening and maintenance of regular savings accounts shall be free of charge. There shall be no condition of maintaining a minimum balance for these accounts. These instructions are applicable equally on all existing and new accounts. Similarly, no charges would be recovered by bank at the time of closing an account.

iii). Bank shall not demand more than Rs. 100/- as an initial amount for opening of regular savings accounts. However, no initial deposit would be required for opening of accounts by (i) Mustahkeen of Zakat, (ii) Students, (iii) Employees of Government or Semi Government institutions for salary and pension purposes (including widows/children of deceased employees eligible for family pension/benevolent fund grant, etc.) and other similar types of accounts.

iv). The bank shall pay profit invariably on "Profit and loss sharing (PLS) Accounts" without any condition of minimum balance in accordance with instructions issued by SBP from time to time.

**v). Accounts on which no transaction is done are marked "Dormant" after 1 year of inactivity. Dormancy Condition can only be removed if all Account Holder(s) visits the branch personally with identity documents, perform Biometric verification as per regulatory requirements and conducts a debit transaction (withdrawal) from the account on the same day. Account(s) which remain(s) inoperative for a period of ten years shall be classified as "Unclaimed" and thereafter shall be closed as per policy of the Bank. Balance(s) thereof shall be surrendered to SBP as per the provisions of Banking Companies Ordinance, 1962.**

vi). If the account shows a zero balance for six months it will be closed.

## اہم نکات

i). بینک ان آنے والے کلائنٹس کے کھاتے کھولنے سے انکار نہیں کرے گا جو دانشمندانہ قواعد (Prudential Regulation) میں درج شرائط، وقتاً فوقتاً جاری ہونے والی اسٹیٹ بینک کی دیگر ہدایات اور بینک کی اپنی پالیسیوں پر پورے اترتے ہوں۔

ii). ریگولر سیونگز اکاؤنٹس کھولنے اور جاری رکھنے کے لئے بینک کی خدمات مفت ہیں۔ ان کھاتوں کے لئے کم سے کم بیلنس رکھنے کی کوئی شرط نہیں ہوگی۔ یہ ہدایات تمام موجودہ اور نئے کھاتوں پر برابر لاگو ہوں گی۔ اسی طرح کھاتہ بند کرتے وقت بینک کوئی چارجز وصول نہیں کرے گا۔

iii). ریگولر سیونگز اکاؤنٹس کھولنے کے لئے ابتدائی رقم کے طور پر بینک 100 روپے سے زیادہ کا مطالبہ نہیں کرے گا۔ تاہم (i) مستحقین زکوۃ (ii) طلبہ وطالبات (iii) سرکاری ونیم سرکاری اداروں کے ملازمین کی تنخواہ اور پنشن (بشمول اہل متوفی ملازمین کی بیوائیں/ بچے/ فیملی پنشن/ بنی وولنٹ فنڈ گرانٹ وغیرہ کے) کے مقاصد اور اسی نوعیت کے دیگر کھاتے کھولنے کے لئے کسی ابتدائی رقم کی ضرورت نہیں ہوگی۔

iv). اسٹیٹ بینک کی جانب سے وقتاً فوقتاً جاری کی جانے والی ہدایات کے مطابق بینک "نفع ونقصان میں شراکت پر مبنی (پی ایل ایس) کھاتے" پر کم از کم بیلنس کی شرط کے بغیر برابر منافع ادا کرے گا۔

v). اکاؤنٹس جن میں کوئی ٹرانزیکشن نہ کی گئی ہو، ایک سال بعد سرگرمی نہ ہونے پر غیر فعال کردیا جاتا ہے، غیر فعالی صورت صرف اسی وقت ہٹ سکتی ہے جبکہ تمام اکاؤنٹ ہولڈرز ذاتی طور پر برانچ وزٹ کریں ضابطوں کی ضروریات کے مطابق شناختی دستاویزات کے ہمراہ بائیومیٹرک تصدیق کے لئے اور اسی دن اسی اکاؤنٹ سے ڈیبٹ ٹرانزیکشن کریں (رقم نکلوائیں)۔ اکاؤنٹس جو کہ دس سال تک غیر فعال رہیں وہ لا دعویٰ (انکلیمڈ) قرار دے دیے جائیں گے اور اس کے بعد بینک پالیسی کے تحت بند کردیے جائیں گے اور ان میں موجود رقوم کو اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے حوالے کردیا جائے گا بینکنگ کمپنیز آرڈیننس ۱۹۶۲ء کی شقوں کے مطابق۔

vi). اگر اکاؤنٹ چھ ماہ تک زیرو بیلنس دکھائے تو اسے بند کردیا جائے گا۔



## DECLARATION

I/ We confirm having received, read and understood the Rules/ Terms and Conditions relating to establishment and Conduct of the Account, ATM/ Debit Card, SMS Alert, eStatement, Internet Banking and agree to observe and be bound by them including all ADC services also been posted on www.bankalhabib.com, and any changes, supplements or modifications thereto that may be made by the Bank from time to time and have signed in agreement of above Rules/ Terms & Conditions. I/ We further confirm that the Rules/ Terms & Conditions are governed by the laws of the Islamic Republic of Pakistan and courts in Pakistan will have exclusive Jurisdiction.

## اقرار نامہ

میں/ہم یہ تصدیق کرتا ہوں/کرتے ہیں کہ میں/ہم نے اکاؤنٹس، اے ٹی ایم/ڈیبٹ کارڈ، ایس ایم ایس الرٹ، ای اسٹیٹمنٹ ، انٹرنیٹ بینکنگ اورتمام اے ڈی سی سروسز سے متعلق قوانین /شرائط و ضوابط جو www.bankalhabib.com پر پوسٹ کردی گئی ہیں، کو وصول کرلیا ہے، پڑھ لیا ہے اور سمجھ لیا ہے اور اس بات سے متفق ہوں/ ہیں اور ان شرائط وضوابط، اس کی ترامیم، ضمنی دستاویزات یا تبدیلیوں کے پابند رہوں گا/ رہیں گے اور میں/ہم نے مندرجہ بالا قوانین/شرائط وضوابط کے معاہدے پر دستخط کردیے ہیں۔ میں/ہم مزید تصدیق کرتے ہیں کہ یہ قوانین/شرائط وضوابط اسلامی جمہوریہ پاکستان کے قوانین کے تحت مرتب کیے گئے ہیں اور پاکستان کی عدالتیں اس سلسلے میں ایک مختص دائرۂ اختیار رکھیں گی۔

**Account Number:**
اکاؤنٹ نمبر

**International Banking Account No.:**
بین الاقوامی بینکنگ اکاؤنٹ نمبر

**Title of Account As per Identity Document:**
شناختی دستاویز کے مطابق اکاؤنٹ ٹائٹل

| | | | |
|---|---|---|---|
| **Copy Received and Accepted** کاپی وصول اور قبول کی گئی<br>**Signature of Account Holder** دستخط اکاؤنٹ ہولڈر | **Copy Received and Accepted** کاپی وصول اور قبول کی گئی<br>**Signature of Account Holder** دستخط اکاؤنٹ ہولڈر | **Copy Received and Accepted** کاپی وصول اور قبول کی گئی<br>**Signature of Account Holder** دستخط اکاؤنٹ ہولڈر | **Copy Received and Accepted** کاپی وصول اور قبول کی گئی<br>**Signature of Account Holder** دستخط اکاؤنٹ ہولڈر |